http://dailygwadarbusiness.com.pk

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

ABC Certified

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

جلد 21 | جمعرات 25 جون 2026ء | 09 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 302

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

وزیر اعظم اپنا کابینہ کنٹرول کریں ورنہ وقت گزرنے کیساتھ مشکلات میں اضافہ ہوگا

بلاول بھٹو زرداری

اگر قوم اور تمام سیاسی جماعتیں متحد ہو جائیں، ہم تمام مسائل کا مل کر مقابلہ کریں گے، تو موجودہ جیو پولیٹیکل حالات میں پاکستان کیلئے موجود مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے

ایک وفاقی وزیر نے آگ بجھانے کے بجائے اسے مزید بھڑکایا، وہ وزیر اب تک معافی مانگنے کیلئے بھی تیار نہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وزیراعظم اپنی کابینہ کو کنٹرول کریں ورنہ وقت گزرنے کے ساتھ مشکلات میں اضافہ ہوگا، وزیراعظم شہباز شریف بہت محنت سے اپنا کام کرتے ہیں، آزاد جموں و کشمیر کے مسائل حل (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی مولانا فضل الرحمٰن اور اپوزیشن رہنماؤں سے ملاقات

بلاول بھٹو زرداری نے بھی وزیراعظم سے ان کی نشست پر جا کر مصافحہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں وزیراعظم شہباز شریف اپوزیشن کی نشستوں پر گئے اور وزیراعظم ... اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی، گوہر علی خان، مولانا فضل الرحمٰن، لطیف کھوسہ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

ایرانی اور سعودی وزرائے خارجہ کا رابطہ، مذاکراتی عمل اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق

تہران (این این آئی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اپنے سعودی ہم منصب شہزادہ فیصل بن فرحان سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا، جس (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

امیر قطر کی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت، کامیاب سفارتی کوششوں پر پاکستان کو مبارکباد

امیر قطر کا وزیراعظم سے ٹیلیفونک رابطے میں امن کی کوششوں کیلئے مکمل حمایت کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) قطر کے امیر تمیم بن حمد آل ثانی نے امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کیلئے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت اور امن کیلئے کامیاب سفارتی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہیں

حکومت صوبوں کی معاشی خودمختاری کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے

وسائل کی مؤثر مونیٹائزیشن کے ذریعے

میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان اور وفاقی وزیر پیٹرولیم کی زیرصدارت اجلاس، لو بی ٹی یو (BTULow) گیس کے مؤثر استعمال، مونیٹائزیشن اور اس سے وابستہ ترقیاتی امکانات کا تفصیلی جائزہ لیا

بلوچستان کے قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والے ثمرات سب سے پہلے مقامی آبادی تک پہنچنا چاہیے یہ وفاق اور صوبے دونوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان کے قدرتی وسائل کا حقیقی فائدہ مقامی آبادی تک پہنچانا وفاقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، حکومت بلوچستان جو بھی فیصلہ کرے گی، وزارت پیٹرولیم اس کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی، علی پرویز ملک

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کی زیرصدارت منعقدہ ایک اہم اجلاس میں بلوچستان میں موجود لو بی ٹی یو (BTULow) گیس کے مؤثر استعمال، مونیٹائزیشن اور اس سے وابستہ ترقیاتی امکانات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں حکومت بلوچستان اور وزارت پیٹرولیم کے درمیان لو بی ٹی یو گیس کو قابلِ عمل اور کارآمد بنانے پر مکمل اتفاق رائے پایا گیا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ لو بی ٹی یو گیس کے استعمال، سرمایہ کاری اور (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

عہدے تاحیات نہیں رہتے مگر عزت اور احترام کے رشتے قائم رہنے چاہئیں، سردار ایاز صادق

قائد حزب اختلاف نے مجھ پر آئین کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا ہے

مجھے بتایا جائے کہ میں نے کس طرح آئین کی خلاف ورزی کی ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ عہدے تاحیات نہیں رہتے مگر عزت اور احترام کے رشتے قائم رہنے چاہئیں، قائد حزب اختلاف نے مجھ (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی کی ایرانی ہم منصب سے ملاقات، بڑھانے پر اتفاق

سکیورٹی تعاون، انسداد دہشتگردی، سائبر سکیورٹی اور امیگریشن سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا

دونوں رہنماؤں کا خطے میں کشیدگی میں کمی پر اطمینان کا اظہار، دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی کے درمیان ملاقات میں پاک ایران تعلقات، خطے کی سکیورٹی صورتحال اور حالیہ امن (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

آبنائے ہرمز پر فیس کے کسی ایرانی منصوبے کی حمایت نہیں کرینگے، قطری وزیراعظم

دوحہ (این این آئی) قطر کے وزیراعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمٰن الثانی نے برطانوی اخبار کو دیے گئے انٹرویو میں کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں بحری آمد و رفت کی بحالی کے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

علیم خان اور بلاول بھٹو کی ملاقات، گلگت بلتستان میں حکومت سازی پر گفتگو

پیپلز پارٹی اور استحکام پاکستان پارٹی کا گلگت بلتستان میں آئندہ بھی ساتھ چلنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی درمیان ملاقات ہوئی جس میں گلگت بلتستان میں آئندہ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل سے لیبیا کی مسلح افواج کے نائب کمانڈر انچیف کی ملاقات

دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور پیشہ ورانہ عسکری تربیت و سلامتی کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کی اہمیت پر زور دیا

جی ایچ کیو آمد پر معزز مہمان کو تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے لیبیا کی عرب مسلح افواج کے نائب کمانڈر انچیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ نے ملاقات کی جس میں فوجی تربیت میں تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق جنرل (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

شہباز شریف سے اراکین قومی اسمبلی سید شاہ محمد شاہ کی الگ الگ ملاقاتیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے اراکین قومی اسمبلی عاصمہ ارباب عالمگیر، عامر طلال گوپانگ، میر پولین بلوچ، ایاز علی شاہ شیرازی اور نوشین افتخار کے ساتھ ساتھ مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر سید شاہ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

ن لیگ بلوچستان کے پارلیمانی وفد کی اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات

ملاقات میں پارٹی کی تنظیم کاری، حکومتی اور سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ / اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے پارلیمانی وفد کی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات، صوبے کی صورتحال اور پارٹی امور (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے ایم این اے پھلین بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے لیبیا کی عرب مسلح افواج کے نائب کمانڈر انچیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ ملاقات کر رہے ہیں

ٹرمپ نے ایران کو گھٹنوں پر لا کھڑا کیا وہ گرنے ہی والا ہے

مفاہمتی یادداشت امریکا کی شکست کا اعلان ہے، ایران

ایران جنگ ختم کرنے کا مطالبہ کرنے والی کانگریس کی قرارداد بے معنی ہے، آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں سے کسی قسم کا ٹول ٹیکس یا اضافی فیس وصول نہیں کی جائیگی، ٹرمپ

عباس عراقچی کا حماس سے اہم رابطہ، حمایت جاری رکھنے کی یقین دہانی، آبنائے ہرمز پر کوئی ملک ٹول یا فیس عائد نہیں کر سکتا، مارکو روبیو

تہران / واشنگٹن / ٹوکیو / ابوظہبی (این این آئی) ایرانی چیف مذاکرات کار محمد باقر قالیباف نے ایران امریکا معاہدے کو امریکا کی شکست کا اعلان قرار دے دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق آذربائیجان میں او آئی سی پارلیمانی یونین اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت دباؤ اور جبر کا نتیجہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

لوئر دیر میں سی ٹی ڈی اور پولیس کی مشترکہ کارروائی، 6 دہشت گرد ہلاک

دہشت گردوں کے قبضے سے 6 کلاشنکوف، 3 دستی بم برآمد

ہلاک دہشتگردوں میں خلیل الرحمان، نعیم الدین کفایت اللہ شامل

لوئر دیر (این این آئی) لوئر دیر کے علاقے برچڑی تلاش میں پولیس اور خوارج کے مابین جھڑپ کے دوران 6 دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے مطابق برچڑی پہاڑی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

پاکستان مخالف بیانات اور ملکی اداروں، شہدا کی توہین تشویشناک ہے

خواجہ آصف

آگے بڑھنے کیلئے ماضی کو درست کرنا ضروری ہے، فرد واحد کی خواہش پر کوئی جماعت نہیں چل سکتی، اسمبلی میں اظہار خیال

کشمیر پر انڈیا کیخلاف 5 جنگیں لڑی ہیں، اس کی سرحدوں کی حفاظت ہماری مسلح افواج کر رہی ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ پاکستان مخالف بیانات اور ملکی اداروں اور شہدا کی توہین تشویشناک ہے، کشمیر پر انڈیا کیخلاف 5 جنگیں لڑی ہیں، اس کی سرحدوں کی حفاظت ہماری مسلح افواج کر رہی ہیں۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں راجہ پرویز اشرف کی جانب سے اٹھائے گئے نکات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارتی غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر کے عوام نے 78 سال سے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کو گورنر تبوک کا ٹیلیفون، پاکستان کی غیر معمولی سفارتی کوششوں پر وزیراعظم کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کو سعودی عرب کے صوبے تبوک کے گورنر، شہزادہ فہد بن سلطان بن عبدالعزیز آل سعود کا ٹیلیفون موصول ہوا۔ دونوں (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

چاروں صوبوں سے ملی فیڈرل گرانٹس دفاع سمیت اہم معاملات پر خرچ ہوگی

اسحاق ڈار

پاکستان کی کوششوں سے عارضی جنگ بندی ممکن ہوئی، 47 سال بعد ایران امریکا براہ راست مذاکرات ہوئے

پاکستان کی کوششوں سے عارضی جنگ بندی ممکن ہوئی، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ خطے میں امن کیلئے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی کوششوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چاروں صوبوں کی جانب سے فیڈرل گرانٹس فراہم کی جائے گی، فیڈرل گرانٹس فراہمی پر صوبوں کا کردار لائق تحسین ہے، دفاع سمیت اہم معاملات کے لیے یہ رقم خرچ کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور لیبیا کے عرب مسلح افواج کے نائب کمانڈر انچیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ کو گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے

حج 2026 کے بہترین انتظامات کو عالمی سطح پر سراہا جانا پوری قوم کے لئے باعث فخر ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے حج 2026 کے بہترین انتظامات کو عالمی سطح پر سراہے جانے کو پوری قوم کے لئے باعث فخر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا اسمبلی، مالی سال 2026-27 کا بجٹ منظور

وزیر قانون و خزانہ اور متعلقہ وزرا نے 66 مطالبات زر کے لیے الگ الگ تحاریک پیش کیے

ایوان کے لیے مطالبات زر کی مد میں 62 کروڑ 79 لاکھ کی منظوری بھی شامل ہے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی نے آئندہ مالی سال 2026-27 کا بجٹ منظور کرلیا۔ خیبر پختونخوا کے وزیر قانون و خزانہ آفتاب عالم اور متعلقہ وزرا نے (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ایران کے درمیان تجارت کے فروغ کیلئے اہم پیش رفت

فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ریلوے اسٹیشن تفتان کی 11.75 ایکڑ اراضی کو لینڈ کسٹمز اسٹیشن قرار دے دیا

تفتان لینڈ کسٹمز اسٹیشن کی حدود اور جغرافیائی کوآرڈینیٹس بھی جاری کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ریلوے اسٹیشن تفتان کی 11.75 ایکڑ اراضی کو لینڈ کسٹمز اسٹیشن قرار دے دیا جس کے تحت تفتان لینڈ کسٹمز اسٹیشن پر درآمدی و (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر مولانا فضل الرحمان سے مصافحہ کر رہے ہیں

ایران امریکا جنگ بندی کے بعد تیل کی قیمتوں میں مسلسل کمی

ٹوکیو (این این آئی) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں بدھ کے روز بھی کمی کا رجحان برقرار رہا کیونکہ سرمایہ کاروں کے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

علیمہ خان نے عمران خان سے ملاقات کیلئے کا محسن نقوی کا پیغام مسترد کر دیا

راولپنڈی (این این آئی) عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ عمران (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

عوامی ایکشن کمیٹی نے مجھے خط لکھا، ان سے بات چیت ہونی چاہیے

مولانا فضل الرحمن

عوامی ایکشن کمیٹی نے مظفر آباد کی طرف کل کا مارچ مؤخر کر دیا، کل تک ہم مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی باتیں کرتے تھے، آج ہم کیا کر رہے ہیں

عوامی ایکشن کمیٹی کا باضابطہ خط موصول ہوا، حکومت کو وہ خط بھجوایا ہے، جس سے اب تک جواب نہیں ملا، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ عوامی ایکشن کمیٹی نے مجھ سے رابطہ کیا، انہوں نے اپنا آئندہ لائحہ عمل دینا تھا وہ (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ میں عوامی ایکشن کمیٹی کے اس اقدام کا خیر مقدم کرتا ہوں کہ انہوں نے مظفر آباد کی طرف (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف سے شزرا منصب کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیر مملکت برائے ماحولیاتی تبدیلی شزرا منصب نے بدھ کو یہاں (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر بلاول بھٹو زرداری سے مصافحہ کر رہے ہیں

عمان کا اقوام متحدہ کے ادارے کے ساتھ آبنائے ہرمز میں نیا ٹرانزٹ کوریڈور بنانے کا اعلان

مسقط (این این آئی) عمان نے اعلان کیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے ذیلی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

مستقبل کی جنگیں نئی حکمت عملیوں کی متقاضی ہیں، نوید اشرف

روایتی اور غیر روایتی خطرات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لئے حکمت عملیوں کو نئے تقاضوں کے مطابق ڈھالنا وقت کی اہم ضرورت ہے

کراچی (این این آئی) پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف نے کہا ہے کہ مستقبل کی جنگوں کے تقاضے روایتی جنگی حکمت عملیوں پر نظر ثانی اور جدید ٹیکنالوجی سے (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

عالمی منڈی میں خام تیل مزید سستا، قیمتیں 4 ماہ کی کم ترین سطح پر پہنچ گئیں

نیویارک (این این آئی) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے جہاں برینٹ کروڈ کی قیمت تقریباً 4 (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: خاتون اول و رکن قومی اسمبلی بی بی آصفہ بھٹو زرداری سے اقوام متحدہ کے پاکستان میں ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

ایف پی ایس سی میں تقرری پر حکومت نے 3 ماہ پرانا فیصلہ واپس لے لیا

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل پبلک سروس کمیشن میں ممبر کی تقرری کے معاملے پر وفاقی حکومت کا بڑا یوٹرن، تین ماہ پہلے گریڈ 22 (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی نے 2018 کے انتخابات کی تحقیقات کا وزیراعظم کا چیلنج قبول کر لیا

2024ء کے انتخابات میں سنگین سوالات اٹھے، امیدواروں کو جیلوں میں ڈالا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی نے 2018ء کے عام انتخابات کی تحقیقات کا وزیراعظم شہباز شریف کا چیلنج قبول کر لیا۔ ترجمان پی ٹی آئی نے کہا کہ ہم شہباز شریف کا (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

پاکستان امن کیلئے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا

دفتر خارجہ

علاقائی امن کیلئے کردار ادا کرنے پر عالمی برادری کا خیر مقدم کرتے ہیں

پاکستان اور قطر کی تکنیکی ٹیمیں امریکا اور ایران کی تکنیکی ٹیموں کے ساتھ رابطے میں رہیں گی، پاکستانیوں کی بازیابی کے لیے صومالیہ کے حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں

مختلف ملکوں نے خطے میں قیام امن کیلئے کردار ادا کرنے پر پاکستان کی تعریف کی، پاکستان ایرانی، امریکی اور برطانوی حکام کے ساتھ بھی رابطے میں ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے کہا ہے کہ مختلف ملکوں نے خطے میں قیام امن کیلئے کردار ادا کرنے پر پاکستان کی تعریف کی، پاکستان علاقائی امن کے لیے تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا، پاکستان اور قطر کی تکنیکی ٹیمیں امریکا اور ایران کی تکنیکی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

آئینی معاملات کا حل جلاؤ گھیراؤ کے کلچر سے نکالنا درست عمل نہیں

رانا ثناء اللہ

یہ جتھے برداری اور جلاؤ گھیراؤ کے ذریعے لشکر کشی سے کے عام انتخابات کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، حکومت مولانا فضل الرحمٰن کی عوامی ایکشن کمیٹی کے ساتھ ثالثی کا خیر مقدم کرے گی

عوامی ایکشن کمیٹی کیساتھ معاہدے میں شامل نکات پر پیش رفت جاری ہے، مہاجرین نشستوں کا فیصلہ آئندہ اسمبلی کا دائرہ اختیار ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور و بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں عوامی ایکشن کمیٹی کے ساتھ معاہدے میں شامل عوامی فلاح اور تعمیر و ترقی کے حوالے سے تمام نکات پر پیش رفت ہو رہی ہے تاہم وہ جتھے برداری اور جلاؤ (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

ملک کو اس وقت یکجہتی، استحکام اور سیاسی ہم آہنگی کی ضرورت ہے، بیرسٹر گوہر

اگر ایوان اور اداروں کو مضبوط کرنا ہے تو ملک میں قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانا ہوگا

ایوان اور اداروں کو مضبوط بنانے کیلئے قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانا ہوگا

اسلام آباد (یو این اے) اپوزیشن کے رکن قومی اسمبلی بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ ملک کو اس وقت یکجہتی، استحکام اور سیاسی ہم آہنگی کی ضرورت ہے، ایوان اور اداروں (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی منصوبوں کو مقامی ضروریات اور معاشی ترجیحات سے ہم آہنگ کیا جائے، چیف سیکرٹری

سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائیں

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرصدارت صوبے میں ترقیاتی منصوبوں، سرمایہ کاری کے فروغ اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری سے متعلق ایک اہم اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں حب، گڈانی اور گوادر میں صنعتی سرمایہ کاری کے امکانات، گوادر اپ لفٹنگ (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

امریکی سینیٹ میں ایران کے خلاف کارروائی روکنے کی قرارداد منظور

سینیٹ نے 48 کے مقابلے میں 50 ووٹوں سے مشترکہ قرارداد کے حق میں فیصلہ دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینیٹ نے ایران کے خلاف فوجی کارروائی روکنے کی قرارداد منظور کر لی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سینیٹ نے 48 کے مقابلے میں 50 ووٹوں سے مشترکہ قرارداد کے حق میں فیصلہ دیا، قرارداد اس ماہ کے آغاز میں ایوان نمائندگان (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

عراق نے پاکستانی زائرین کے لیے نئی ویزا شرائط جاری کر دی

دمشق (این این آئی) عراق نے پاکستانی زائرین کے لیے نئی ویزا شرائط جاری کر دی ہیں۔ عراقی حکام نے زائرین اور زیارت (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

بلوچستان، کان کنی پروجیکٹ سے بیرٹ، سیسہ اور جست کی پیداوار شروع

پی پی ایل نے اہم پیشرفت سیا سٹاک ایکسچینج اور حکومت کو آگاہ کر دیا، معدنی شعبے میں بڑی خوشخبری آگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کان کنی سے بیرٹ، سیسہ اور جست کی پیداوار شروع ہو گئی، صنعتی شعبوں کے اہم خام مال دھاتوں کی ملک میں پیداوار کا آغاز ہو گیا (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

حکومت کا پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ پر کنٹرول مزید مضبوط، شیئر ہولڈنگ میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ نے سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد پاکستان سٹاک ایکسچینج کو آگاہ کر دیا ہے کہ (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے حج 2026 کے آپریشنز میں بہترین کارکردگی پر ایکسیلینس ایوارڈ حاصل کرنے والے ملاقات کر رہے ہیں

ایران پر فضائی پابندی برقرار، یورپی ایوی ایشن ایجنسی نے ایئر لائنز کو نئی وارننگ جاری کر دی

برسلز (این این آئی) یورپی یونین کی فضائی تحفظ کی ایجنسی نے ایئر لائنز کو مشورہ دیا ہے کہ وہ فی الحال ایران، عراق اور لبنان کی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی، شوہر کی گھر کے اندر فائرنگ، بیوی، ساس اور سسر سمیت 3 افراد قتل

ملزم فائرنگ کے بعد موقع سے فرار، پولیس کی جانب سے لاشیں ہسپتال منتقل

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) ڈیرہ مراد جمالی میں شوہر نے گھر کے اندر اندھا دھند فائرنگ کر کے اپنی بیوی سمیت 3 افراد کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق، ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے اقبال ٹاؤن میں مبینہ ملزم اسرار احمد نے گھر میں گھس کر فائرنگ کر کے اپنی بیوی مسمات کو (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

چاغی سے مائننگ سائٹ پر حملے کے بعد اغواء ہونے والا غیر ملکی شہری دو ماہ بعد بازیاب

کوئٹہ (ین این آئی) بلوچستان کے ضلع چاغی سے مائننگ سائٹ پر حملے کے بعد اغواء ہونے والا غیر ملکی شہری دو ماہ بعد بازیاب (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو صوبائی بجٹ کے تقابلی تجزیے پر بریفنگ دی جا رہی ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
روزنامہ
ABC Certified
گوادر بزنس

پاکستان کو دہائیوں سے دہشت گردی کے سنگین چیلنج کا سامنا

کالعدم حافظ گل بہادر گروپ کی اعلیٰ قیادت کی کابل کے پرتعیش انٹر کانٹیننٹل ہوٹل میں آرام و آسائش کے ساتھ موجودگی کی جاری ہونے والی ایک تصویر نے پاکستان کے اس دیرینہ موقف کا ناقابلِ تردید اور ٹھوس ثبوت فراہم کر دیا ہے کہ پاکستان مخالف دہشت گرد گروپس نہ صرف افغان سرزمین سے کارروائیاں کر رہے ہیں بلکہ موجودہ افغان طالبان رجیم کے تحت انہیں محفوظ پناہ گاہیں بھی میسر ہیں۔ اس سلسلہ میں پاکستان نے بار بار شواہد پیش کیئے ہیں اور افغان رجیم سے مطالبہ کیا ہے کہ اسے سرحد پار دہشت گردی کے مراکز کے خلاف سخت کارروائی کرنی چاہیئے تاہم کابل ان عناصر کی سرپرستی جاری رکھے ہوئے ہے جبکہ یہ دہشت گرد پاکستان سکیورٹی فورسز اور شہریوں پر حملوں میں ملوث ہیں۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ یو این سلامتی کونسل کی مانیٹرنگ ٹیم کی ان دہشت گردوں کی کابل میں سرگرمیوں کے حوالے سے متعدد رپورٹیں بھی سامنے آچکی ہیں جن میں افغانستان کے اندر 20 سے زائد دہشت گرد تنظیموں کی مسلسل موجودگی کو اجاگر کیا گیا ہے۔ ان دہشت گرد تنظیموں کی مجموعی افرادی قوت کا تخمینہ 20 ہزار سے 23 ہزار کا لگایا گیا ہے۔ یہی دہشت گرد پاکستان کے اندر دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث ہیں۔ یہ حقیقت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ پاکستان کو گزشتہ دو دہائیوں سے دہشت گردی کے سنگین چیلنج کا سامنا ہے۔ ملک کے مختلف حصوں بالخصوص خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کی حالیہ لہر نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان کے خلاف پراکسی جنگ بدستور جاری ہے۔

اس ضمن میں پاکستان کی جانب سے بارہا عالمی برادری کو آگاہ کیا جاتا رہا ہے کہ افغان سرزمین پاکستان مخالف عناصر کی محفوظ پناہ گاہ بن چکی ہے، مگر افسوس کہ ان خدشات کو سنجیدگی سے نہیں لیا گیا۔ اب کابل کے ایک ہوٹل میں کالعدم حافظ گل بہادر گروپ کی اعلیٰ قیادت کی موجودگی کے واضح شواہد سامنے آنے کے بعد پاکستان کا موقف مزید مضبوط اور ناقابلِ تردید ہو گیا ہے۔ یہ انتہائی تشویشناک صورتِ حال ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث گروہ نہ صرف افغان سرزمین استعمال کر رہے ہیں بلکہ انہیں وہاں محفوظ پناہ گاہیں، سہولتیں اور دیگر وسائل بھی میسر ہیں۔ بین الاقوامی قوانین اور ہمسایہ ممالک کے مابین طے شدہ اصولوں کے مطابق کسی بھی ریاست کو اپنی سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے، تاہم افغان عبوری حکومت اس بنیادی ذمہ داری کو پورا کرنے میں ناکام نظر آتی ہے۔ پاکستان بارہا اس امر کی نشاندہی کر چکا ہے کہ بھارتی خفیہ ایجنسیاں افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال کرتی ہیں۔ پاکستان میں سرگرم بھارتی پراکسیز اور دہشت گرد گروہوں کو افغان سرزمین پر موجود محفوظ ٹھکانے اور لاجسٹک معاونت فراہم کیے جانے کے شواہد اس خدشے کو مزید تقویت پہنچا رہے ہیں کہ خطے کے امن کو سبوتاژ کرنے کے لیے ایک منظم منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔

ایسے عناصر درحقیقت پاکستان کی سلامتی، استحکام اور معاشی ترقی کے دشمن ہیں اور وہ پاکستان دشمن بھارت کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ قومی اتحاد، سیاسی یکجہتی اور عوامی تعاون سے پاکستان دشمن عناصر کو واضح پیغام دیا جائے کہ قوم اپنی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے متحد ہے۔

نشانِ زندگی

رسول بخش رئیس

سیاست' تاریخ اور اس طرح کے دیگر علوم کو تقابلی انداز میں دیکھنے سے سب کے جوہر' خرابیاں' شخصیات' کردار' اصلی اور نقلی صورتیں ابھر کر سامنے آجاتی ہیں۔ دنیا کے تمام سیاستدانوں' ان کے عروج وزوال' نظریاتی جھکاؤ' اندازِ سیاست اور کارناموں کا جائزہ لیتے ہوئے ہر دور کے اہلِ سیاست اور طالب علم اس سے کچھ سیکھتے اور سبق لیتے رہتے ہیں۔ ہمارے اپنوں کی داستانیں شاید ہم سے پوشیدہ رکھنے کی کوششیں ہوتی رہتی ہیں لیکن سرحدوں سے پار دور کے ممالک میں کئی ذرائع سے جلد یا بدیر اُن تک رسائی ہو جاتی ہے۔ اکثر اس وقت جب مرکزی کردار رزقِ خاک ہو چکے ہوتے ہیں۔ آج کے دور میں کمزور معاشروں میں سیاست کے میدان میں اہلِ اقتدار نے بہت کاروبار چمکائے ہیں۔ اپنے ملکوں سے کہیں زیادہ دوسرے ممالک میں۔ کمزور معاشرہ اُسے کہتے ہیں جہاں لوگ آواز بلند نہ کر سکیں۔ اگر بدعنوانیوں اور کرپشن کے بارے میں شہادتوں کے انبار بھی لگا دیں تو کچھ نہیں ہوتا۔ جہاں طاقت کی بنیاد آوازِ خلق کے بجائے کچھ اور ذرائع ہوتے ہیں۔ خیر یہ بھی سیاست ہی سمجھیں کہ اس کا تعلق حصولِ اقتدار اُسے قائم رکھنے اور اُسے فلاحِ عامہ کے بجائے فلاحِ ذات کے لیے استعمال کرنے ہی سے ہے۔ رکاوٹ معاشرے' قانون' عدالتوں اور سب سے زیادہ اقتدار سے ہوتی ہے۔ اگر یہ سب کمزور پڑ جائیں تو اقتدار جن لوگوں کے ہاتھ آجاتا ہے وہ اسے مزید کمزور کر کے اپنا دھندہ جاری رکھتے ہیں۔ اقدار جیسے انسانیت' ہمدردی' رزقِ حلال' ایثار' خدمت' رواداری' انصاف اور اپنی ذمہ داریوں کو تندہی سے نبھانا صحتمند معاشرے کی علامت ہے۔ ایسے ہی معاشروں میں زیادہ تر بڑے اہلِ علم' مفکر' مدبر' عبقری سیاستدان اور دیگر شعبوں کے رہنما پیدا ہوتے ہیں۔ بات دراصل اقدار کی ہے کہ ذاتی حیثیت میں ہر انسان کو کہاں سے کہاں لے جاتی ہیں' اور قوموں کی تو بات الگ ہے۔ جدید دور کی سیاسی تاریخ میں ایک شخص کی داستانِ حیات نے دنیا بھر کو مسحور کر رکھا ہے۔ بہت سوں کا خیال ہے کہ جہاں یہ ایک فرد کی اہلیت' ناقابلِ شکست خود یقینی اور جہدِ مسلسل ہے' وہاں اس کا کریڈٹ معاشرے کو بھی جاتا ہے کہ اس نے نئی تاریخ رقم کر دی۔ جب ہم کالجوں میں تھے تو اس وقت سیاہ فام لوگوں کو امریکی جمہوریت میں برابر کے سیاسی حقوق ملنا دور کا خواب دکھائی دیتا تھا۔ سول رائٹس تحریک کا ایک طویل تاریخی پس منظر ہے' جس کا یہاں احاطہ کرنا ناممکن ہے۔ آخری مرحلہ اور اُس کی کامیابی کا سہرا مارٹن لوتھر کنگ جونیئر کے حصے میں آیا۔ یہ تحریک ہرگز کامیاب نہیں ہوسکتی تھی' اگر اس کی بنیاد عدم تشدد کے فلسفے پر نہ ہوتی اور اگر سفید فام لوگوں کی اکثریت اس کی تائید نہ کرتی۔ مساوات کی اقدار فکری صورت میں تو موجود تھیں مگر نسلی تضادات اور غلامی کی تاریخ کا اثر اتنا زیادہ تھا کہ وہ اکثریت کے سر سے یکلخت اترنے کا نام نہیں لے رہا تھا۔ یہ بھی تو اقدار کی بات ہے کہ صدر ابراہام لنکن اور سفید فام اکثریت نے غلامی کو ختم کرنے کے لیے تاریخ کی سب سے خوفناک جنگ لڑی' جس میں تقریباً ساڑھے سات لاکھ امریکی جاں بحق اور چار لاکھ 76 ہزار زخمی ہوئے۔ یہاں دو اصولوں کی بات کرتا ہوں۔ ایک یہ ہے کہ ان کا انتخابی منشور تھا کہ وہ منتخب ہو کر غلامی کو ختم کریں گے۔ دوسرا' اگر آپ کی ریاست یا صوبہ قومی ریاست کا جزو ہے تو آپ علیحدہ نہیں ہو سکتے۔ آج صرف امریکہ ہی نہیں بلکہ عالمی تاریخ جس محبت اور عقیدت سے ابراہام لنکن کا نام لیتی ہے' وہ جدید تاریخ میں کم اہلِ اقتدار کو نصیب ہوا ہے۔ وہ اپنا نشانِ زندگی ریاست کو متحد رکھنے اور غلامی کو ختم کرنے کی صورت میں چھوڑ گئے۔ وہ ایک قاتل کی گولی کا نشانہ بنے' اس طرح مارٹن لوتھر کنگ جونیئر بھی اپنے عروج کے دنوں میں خون میں نہا کر آسودہ خاک ہوئے۔

انہی نشاناتِ زندگی کی ایک کڑی براک اوباما نظر آتے ہیں۔ گزشتہ صدی کے آخر' بلکہ 2008ء میں بھی ایک سیاہ فام کا ڈیموکریٹک پارٹی کی نامزدگی جیتنا' جو تقریباً پورے سال کی سیاسی مشقت کا نتیجہ ہوتا ہے' کسی انقلاب سے کم نہ تھا۔ اور پھر اُسی سال نومبر میں وہ خواب جو نسلوں سے یہ لوگ دیکھتے چلے آئے تھے' واقعی ایک حقیقت کا روپ دھار گیا۔ براک اوباما کی زندگی اور دو بار امریکی صدارت' یہ غیر معمولی واقعات ہیں۔ اوباما کی خود نوشت Myfrom Dreams Father اگر آپ نے نہیں پڑھی اور سیاست اور تاریخ سے کچھ شغف ہے تو اس سے اپنے آپ کو محروم نہ رکھیں۔ کہاں ایک ایسا بچہ جس کا باپ اُسے اوائلِ زندگی میں چھوٹی موٹی نوکریاں کر کے پیٹ پالنے والی ماں کے حوالے کر کے کینیا چلا گیا اور کہاں اس کا امریکی صدارت کا عہدہ۔ یہ ناقابلِ یقین کہانی ہے جسے بار بار پڑھنے کے بعد بھی حیاتِ زندگی کے کرشمات کا طلسم نہیں ٹوٹتا۔ اُن تمام تعلیمی اداروں سے جہاں براک اوباما نے تعلیم حاصل کی' ہزاروں نکلے ہیں اور وہ اعلیٰ عہدوں پر فائز ہوئے' مگر تقریر' تحریر' فصاحت و بلاغت' زبان کی سادگی اور کلام کی صداقت کا جو اثر میں نے اوباما میں دیکھا ہے' تاریخ میں ایسے کم ہی مدبر ہوں گے۔ ہاں' جدید تاریخ میں ونسٹن چرچل اور جان ایف کینیڈی کا اپنا درجہ ہے' ہم عصرِ حاضر کی بات کر رہے ہیں۔ ہم جیسے معاشروں میں کہیں کوئی اہلِ سیاست یا اہلِ اقتدار نظر آئے تو قوم کو ضرور آگاہ کریں۔ براک اوباما ہوں یا دیگر' ایسی سیاسی اقتدار کے حامل اکابرین پُراثر اور دیرپا تحریروں' تاریخ نویسی اور ادارہ سازی کی صورت اپنا نشانِ زندگی اگلی نسلوں کے لیے چھوڑ جاتے ہیں۔

ابھی صدر اوباما وائٹ ہاؤس میں تھے تو انہوں نے شکاگو میں' وہ شہر جہاں سے انہوں نے سیاسی سفر کا آغاز کیا تھا' ایک کثیر المقاصد سنٹر بنانے کی منصوبہ بندی کی۔ مقصد یہ تھا کہ ایک ایسا ورثہ چھوڑ جائیں جس سے ہمیشہ کے لیے امریکہ' شکاگو اور دیگر ملکوں کے لوگ فیضیاب ہوتے رہیں۔ آخر کار سات سال کی تعمیر کے بعد گزشتہ ہفتے اوباما کا یہ خواب پورا ہوا۔ اپنے نام پر صدر اوباما کی ایک فاؤنڈیشن ہے جو دنیا بھر' خاص طور پر افریقی ممالک میں فلاحی کام کرتی ہے۔ اس فاؤنڈیشن نے اوباما سنٹر پر 850 ملین ڈالر خرچ کیے ہیں۔ اسے پاکستانی روپوں میں آپ خود تبدیل کر کے دیکھ لیں۔ سترہ ایکڑ پر یہ سنٹر قائم ہے۔ سامنے وہ مشہور جھیل ہے جو شکاگو کی پہچان ہے اور ساتھ شہر کا بہت بڑا پارک' عجائب گھر' کتب خانہ' کمیونٹی سنٹر' پھلوں اور سبزیوں کا باغ' کھیل کے میدان' خصوصاً باسکٹ بال اور ٹینس کے کورٹس اور پرفارمنگ آرٹس کے لیے سہولتیں۔ افتتاح میں چار امریکی صدور' جرمنی کے سابق چانسلر' کچھ دیگر ممالک کے سابق سربراہان اور سیاست' فن اور علم و ادب کی نامور امریکی شخصیات کو مدعو کیا گیا تھا۔ کامیابیوں اور کارناموں کا جشن ہو تو ایسا۔ اور جو تقاریر ہوئیں' اوباما نے بس یوں سمجھیں کہ کمال ہی کر دیا۔ سُن کر خیال آرہا تھا کہ ہمارے وہ جو نصف صدی سے آسمانِ سیاست پر مصنوعی سیاروں کی طرح گردش کر رہے ہیں' ان کی یہ اُڑان بھی کسی طاقتور راکٹ کی مرہونِ منت ہے۔ بات میں سچائی' صداقت اور خلوص ہو تو الفاظ اپنی اہمیت خود بنا لیتے ہیں۔ بات تو انہی اقدار کی ہے کہ کوئی ایسا کام زندگی میں کر جائیں جو نشانِ زندگی ہو' اس کی توانائی' حرکت اور صداقت کا مظہر ہو۔ وہ جو تاریخ میں یا اپنی زندگیوں میں ہی نشانِ عبرت بنے ہوئے ہیں' ان کی طرف اشارہ ہی کافی ہے۔

زندگی میں موت کی خبر

نسیم شاہد

سوشل میڈیا پر گاہے بہ گاہے جہاں جھوٹ کے کچھ اور مظاہر سامنے آتے ہیں وہاں بعض نامور شخصیات کی وفات کا اعلان بھی معمول بنتا جا رہا ہے، حالانکہ وہ بقیدِ حیات ہوتی ہیں۔ میں اپنے دوستوں کو جب ایسی خبروں پر اناللہ پڑھتے دیکھتا ہوں تو حیرت ہوتی ہے کہ وہ بلا تصدیق اور بلا سوچے سمجھے ایسا کمنٹ کیسے کر دیتے ہیں اُن میں اچھے بھلے سمجھدار اور سیانے لوگ بھی شامل ہوتے ہیں۔ ایک بار میں نے ایک سینئر پروفیسر صاحب کو کسی کی موت پر لگائی جانے والی پوسٹ پر ایسا کمنٹ ہی کرتے دیکھا تو انہیں فون کیا، حضرت کیا آپ کو یقین ہے، خبر سچی ہے، انہوں نے کہا فیس بک پر لگی ہوئی ہے اور بیسیوں لوگ افسوس کا اظہار کر چکے ہیں، سچی ہی ہوگی۔ میں نے کہا آپ کو پتہ ہے وہ ایک بڑی شخصیت تھے، ان کے مرنے کی خبر کیا کسی چینل پر بھی چل رہی ہے۔ کہنے لگے دیکھی تو نہیں، آجائے گی کیونکہ سوشل میڈیا چینلوں سے بہت فاسٹ ہے اس لئے یہاں پہلے آجاتی ہے۔ میں نے کہا اگر نہ آئی تو پھر آپ کیا کریں گے۔ فرمانے لگے اپنا کمنٹ ڈیلیٹ کردوں گا۔ وہی ہوا تھوڑی دیر بعد اس شخصیت کے اہلِ خانہ کی طرف سے تردید آگئی اور ساتھ ہی انہوں نے ان کے زندہ سلامت ہونے کی تصویر بھی لگا دی۔ اب میں نے پروفیسر صاحب کو پھر فون کیا۔ ان کی تصویر بھی بھیجی، کہنے لگے یار یہ تو واقعی جھوٹ کا کارخانہ ہے، جسے ہم سوشل میڈیا کہتے ہیں۔ میں نے کہا سارا نہیں البتہ ایسی خبروں پر احتیاط کی ضرورت ہے، جس میں کوئی ایک شخص ایسی خبر پوسٹ کر دیتا ہے جو کہیں اور موجود نہیں ہوتی۔ اب اس کا تازہ ترین شکار سابق گورنر پنجاب غلام مصطفےٰ کھر بنے ہیں۔ چند روز پہلے اپنے ڈیرے پر وہ بے فکری کے انداز میں بیٹھے تھے تو کسی نے ان کی تصویر بنالی۔ وہ تصویر سوشل میڈیا پر لگی تو طرح طرح کے کمنٹس آنے لگے جن میں کہا گیا کہ دیکھو یہ شخص کتنا طاقتور تھا، آج کتنا بے بس اور کمزور نظر آ رہا ہے۔ عبرت پکڑنے کی باتیں بھی کی جا رہی تھیں۔ میں سوچنے لگا ایک شخص اگر 88 برس کی عمر میں بھی اپنے ڈیرے پر بیٹھتا ہے۔ چلتا پھرتا ہے، اپنے گھوڑوں کی پیٹھ سہلاتا ہے، گاڑی میں اپنے حلقے کا دورہ کرتا ہے، تو اور کیا چاہیے۔ اتنی عمر تو کسی کسی کو ملتی ہے۔ وہ عبرت کا نشان کیسے ہو گیا۔ بوڑھا ہونا کیا کسی سزا کی علامت ہے، یہ تو زندگی کا ایک عمل ہے، تسلسل ہے اسے کسی مکافاتِ عمل کا نتیجہ کیسے قرار دیا جا سکتا ہے۔ شرارت کرنے والوں نے اس موقع کو بھی فائدہ اٹھایا اور کل صبح یہ خبر جاری کر دی کہ ملک غلام مصطفےٰ کھر انتقال کر گئے ہیں پھر اس کے بعد وہی ہوا جو ایسی خبروں پر ہوتا ہے، اس خبر کو دھڑا دھڑ شیئر کیا گیا۔ اس پر کمنٹس آتے رہے، کسی نے نہیں سوچا یار اس خبر کی تصدیق تو کی جائے۔ مظفر گڑھ کون سا دور ہے، اس خبر پر ان کے گھر لوگ تو پہنچے ہوں گے رش تو لگ گیا ہوگا، کچھ اس کی خبر بھی آتی۔

جب بہت دیر تک تماشا لگ گیا اور یہ خبر مصطفےٰ کھر کے عزیز و اقارب تک پہنچی تو انہوں نے اس کی تردید کی، ان کے زندہ سلامت ہونے کی اطلاع دی مگر دوسری طرف ان کی موت کے بارے میں خبر پر پھر بھی اناللہ پڑھنے کا سلسلہ جاری رہا۔ ابھی کچھ دن پہلے یہی کچھ معروف گلوکارہ طاہرہ سید کے ساتھ بھی ہوا۔ وہ ایک عرصے سے امریکہ میں مقیم ہیں اور اچھی صحت کے ساتھ بھرپور زندگی گزار رہی ہیں ان کا منظر سے ہٹنا یار لوگوں کے لئے یہ خبر جاری کرنے کا بہانہ بن گیا کہ وہ امریکہ میں انتقال کر گئی ہیں۔ ظاہر ہے وہ بہت معروف اور عوام کی پسندیدہ شخصیت ہیں، اس خبر پر ایک ہنگامہ برپا ہو گیا۔ دھڑا دھڑ کمنٹس آنے لگے اور خبر شیئر کی جاتی رہی۔ یہ خبر جب چلتے چلتے خود طاہرہ سید تک پہنچی تو وہ حیران رہ گئیں۔ انہیں عزیز و اقارب اور دوستوں کے اتنے زیادہ فون آنے لگے کہ وہ اس بات پر مجبور ہو گئیں اپنی ایک ویڈیو بنائیں اور لوگوں کو یقین دلائیں وہ زندہ سلامت ہیں پہلے انہوں نے ایک ٹویٹ کے ذریعے اس خبر کی تردید کی مگر جب سلسلہ نہ رکا تو انہوں نے خود سامنے آکر بتایا کہ حضور میں زندہ ہوں میرے مرنے کی دعا مانگنے والے جھوٹے ہیں۔ میں نے ایک سوشل میڈیا کے ماہر سے پوچھا جو اس ذریعے سے ہر ماہ لاکھوں روپیہ کماتے ہیں کہ آخر یہ چکر کیا ہے، لوگ کیوں ایسا کرتے ہیں انہوں نے کہا اس کے پیچھے بھی کمرشل ازم اور ڈالر ہیں۔ جب ایسی پوسٹ لگتی ہے تو اس کے ویوز اور کمنٹس لاکھوں میں چلے جاتے ہیں اس سے ان اکاؤنٹس ہولڈرز کو فائدہ ہوتا ہے۔ فیس بک، ٹویٹر، ٹک ٹاک یا انسٹاگرام کو اس بات سے کوئی غرض نہیں ہوتی، خبر جھوٹی ہے یا سچی، اس کی وجہ سے کسی اکاؤنٹ ہولڈر کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہوتی، نہ اس کا اکاؤنٹ بلاک کیا جاتا ہے۔ البتہ سائبر کرائم کے خلاف بنے اداروں سے رجوع کیا جا سکتا ہے، لیکن موت کی خبر ایسی ہے کہ جو کسی پر الزام نہیں ہوتا، اس لئے کارروائی بھی نہیں ہوتی۔

بعض لطیف حس رکھنے والے اس میں بھی ایک اچھی بات نکال لاتے ہیں مثلاً وہ کہتے ہیں ایسی خبروں سے کم از کم انسان کو اپنی زندگی ہی میں یہ دیکھنے کا موقع مل جاتا ہے کہ ان کی موت پر کیا ماتم برپا ہوتا ہے۔ لوگ مرنے پر کیا کہتے ہیں، اچھے لفظوں میں یاد کرتے ہیں یا پھر کہتے ہیں اچھا ہوا مر گیا۔ میں سوچتا ہوں ستم ظریف کیسے کیسے نکتے نکال لاتے ہیں، جب کچھ عرصہ پہلے ذوالفقار علی خان علیل ہو گئے تو ان کی رحلت کا ایسا ہی اعلان کر دیا گیا تھا۔ بڑی خبریں آئیں، حتیٰ کہ ان کے بیٹوں کو تردید کرنا پڑی مگر اس کے باوجود جب خبروں کا سلسلہ جاری رہا تو ذوالفقار علی خان کھوسہ کی لاہور کے گھر میں چائے پیتے ایک تصویر بنا کے جاری کرنا پڑی۔ جب ان کا حقیقی معنوں میں انتقال ہوا تو اس خبر پر لوگ سوال کرتے رہے کہ کیا یہ خبر درست ہے۔ تو صاحبو! میرا طریقہ یہ ہے کہ ایسی کسی بھی خبر پر میں بے چین نہیں ہوتا، اس خبر کے دیگر ذرائع سے تصدیق ہونے کا انتظار کرتا ہوں۔ خاص طور پر ٹی وی چینلوں کو ضرور دیکھتا ہوں کیونکہ یہ ممکن نہیں کہ ایک بڑی شخصیت دنیا سے رخصت ہو اور ٹی وی چینل پر خبر نہ ہو۔ قارئین آپ بھی ایسی کسی خبر پر فوری ردِ عمل دینے کی بجائے انتظار کیا کریں وگرنہ شرمندگی ہوگی کہ میں نے زندہ بندے کو مار دیا۔

☆☆☆

ترقی کا رقص اور تہذیب کا زوال

تلخ حقیقت

Ranzooryar18@gmail.com

محمد نسیم رنزوریار

قارئین کرام۔ انسانی تہذیبوں کا عروج و زوال مادی ترقی اور اخلاقی پسماندگی کی کشمکش کا دوسرا نام ہے جسے ہم "ترقی کا رقص اور تہذیب کا زوال" کہہ سکتے ہیں۔ مادی ترقی جب اپنے عروج پر پہنچ کر رقص کرنے لگتی ہے تو اکثر اخلاقی قدریں، خاندانی نظام اور انسانی ہمدردی کے جذبات پس پشت چلے جاتے ہیں جو بالآخر کسی بھی عظیم تہذیب کے زوال کا پیش خیمہ ثابت ہوتے ہیں۔ رومن سلطنت سے لیکر عباسی دورِ حکومت تک تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی انسان نے مادی آسائشوں، فلک بوس عمارتوں اور معاشی غلبے کو ہی کل کائنات سمجھ لیا ہے، اسی لمحے سے اس کی اخلاقی گراوٹ کا آغاز ہو گیا ہے۔ ابن خلدون نے اپنے نظریہ عمرانیات میں اسی نکتے کی وضاحت کی ہے کہ جب معاشرے عیش و عشرت اور حد سے بڑھی ہوئی مادی آسودگی میں مبتلا ہو جاتے ہیں تو ان کی اندرونی قوتِ مدافعت اور عصبیت ختم ہو جاتی ہے جس کے بعد زوال ان کا مقدر بن جاتا ہے۔ آج کا دور تکنیکی اور سائنسی لحاظ سے انسانی تاریخ کا سب سے ترقی یافتہ دور کہلا سکتا ہے جہاں آرٹیفیشل انٹیلیجنس، خلائی فتوحات اور ڈیجیٹلائزیشن نے زندگی کی رفتار کو غیر معمولی حد تک بڑھا دیا ہے۔ لیکن اس تیز رفتار مادی رقص کے پسِ پردہ اگر ہم عالمی تہذیب کا جائزہ لیں تو معلوم ہوگا کہ انسانیت سنگین ترین فکری اور اخلاقی بحران سے گزر رہی ہے۔ جدید کارپوریٹ کلچر اور صارفیت نے انسان کو ایک مشین میں تبدیل کر دیا ہے جہاں رشتوں کی اہمیت، ذہنی سکون اور روحانی اقدار دم توڑ رہی ہیں۔ مغربی دنیا مادی طور پر جتنی مستحکم دکھائی دیتی ہے، وہاں خاندانی تنہائی، ڈپریشن اور خودکشیوں کی شرح اتنی ہی بلند ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ محض مادی ترقی روح کا خلا پر نہیں کر سکتی۔ اگر اس تناظر کو موجودہ پاکستان کے حالات کے ساتھ جوڑ کر دیکھا جائے تو یہ حقیقت مزید واضح ہو کر سامنے آتی ہے۔ پاکستان اس وقت ایک ایسے دوراہے پر کھڑا ہے جہاں مادی جدیدیت کی اندھی تقلید اور اپنی اصل تہذیبی بنیادوں سے دوری نے معاشرے کو فکری انتشار میں مبتلا کر دیا ہے۔ ہماری اشرافیہ اور نوجوان نسل مغربی طرزِ زندگی اور مادی چمک دمک کے سحر میں مبتلا ہو کر اپنی پانچ ہزار سالہ قدیم تہذیبی و اخلاقی اقدار، جرات اور رواداری کو فراموش کر رہی ہے۔ شہروں میں بڑی بڑی ہاؤسنگ سوسائٹیاں، شاپنگ مالز اور مہنگی گاڑیوں کا بڑھتا ہوا رجحان مادی ترقی کے رقص کو تو ظاہر کرتا ہے لیکن دوسری طرف بڑھتی ہوئی سماجی تفریق، عدم برداشت، کرپشن اور قانون شکنی یہ بتاتی ہے کہ ہمارا سماجی اور تہذیبی ڈھانچہ تیزی سے بکھر رہا ہے۔ عالمی سطح پر معاشی طاقت کا توازن بدل رہا ہے اور پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک قرضوں کے بوجھ، سیاسی عدم استحکام اور فکری بحران کی وجہ سے اس ترقی کے رقص میں شامل ہونے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ ہم نے مغرب سے ٹیکنالوجی تو ادھار لے لی لیکن وہ قانون کی حکمرانی، سماجی انصاف اور ڈسپلن نہ اپنا سکے جو کسی تہذیب کو زندہ رکھتے ہیں۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ہم نہ تو پوری طرح مادی طور پر ترقی یافتہ بن سکے اور نہ ہی اپنی اخلاقی اور ثقافتی شناخت کو برقرار رکھ پائے۔ پبلک ٹرانسپورٹ، ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں کی بدحالی اس بات کا مظہر ہے کہ عمارتیں تو جدید ہو رہی ہیں مگر انسانی رویے اور شہری شعور زوال پذیر ہیں۔ تہذیب کا زوال اس وقت یقینی ہو جاتا ہے جب معاشرے میں سچائی، دیانت داری اور انصاف جیسے ستون کمزور پڑ جائیں۔ موجودہ دور کا سب سے بڑا چیلنج یہ ہے کہ ہم مادی ترقی کی رفتار کو روکے بغیر اپنی اخلاقی اور تہذیبی اقدار کو کیسے بچائیں۔ دنیا اور پاکستان دونوں کو اس وقت ایک ایسے معاہدے کی ضرورت ہے جہاں ترقی کا مقصد صرف سرمایہ بنانا نہ ہو بلکہ انسان سازی ہو۔ اگر ہم نے اب بھی اپنے تعلیمی نظام، خاندانی نظام اور فکری رویوں کی اصلاح نہ کی تو مادی ترقی کا یہ رقص بالآخر ایک ایسے عالمی اور قومی زوال پر ختم ہوگا جس کے ملبے سے دوبارہ اٹھنا تاریخ کے کسی بھی معاشرے کیلئے ممکن نہیں رہا ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم مادی عروج اور اخلاقی اقدار کے درمیان ایک متوازن راستہ تلاش کریں تاکہ تہذیب زندہ رہ سکے۔

☆☆☆

بقیہ 1

منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بلوچستان میں آبادی کی فلاح و بہبود، صحت عامہ سے متعلق اقدامات اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے جاری حکومتی منصوبوں پر بھی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے عوامی مسائل کے حل اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے باہمی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ پارلیمانی سیکرٹری پرنس آغا عمر احمد زئی نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوامی خدمت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور پاپولیشن ویلفیئر کے شعبے میں اصلاحات کے ذریعے عوام کو بہتر خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اس موقع پر معاونِ خصوصی برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے حکومت مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی فلاح و بہبود اور ترقی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطوں اور تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں صوبے کی مجموعی ترقی، عوامی مسائل کے حل اور مختلف شعبوں میں بہتری کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 2

منصوبوں خصوصاً زیرِ تعمیر اسکولوں اضافی کمروں کی تعمیر خستہ حال عمارتوں کی مرمت اور دیگر اہم امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی افسران نے جاری منصوبوں کی پیش رفت درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے کیے گئے اقدامات سے بھی آگاہ کیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر دریندر لعل نے ہدایت کی کہ گرمیوں کی تعطیلات کے دوران جاری تمام ترقیاتی کام ہر صورت مقررہ وقت کے اندر مکمل کرانے کی کوشش کی جائے گی جبکہ کام کے معیار اور نگرانی کو بھی یقینی بنایا جائیگا انہوں نے واضح کیا کہ غیر معیاری کام کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی بھرپور کوشش ہے کہ تمام منصوبے مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں تاکہ تعلیمی اداروں کے کھلنے سے قبل تمام بنیادی سہولیات دستیاب ہوں اور طلبہ و اساتذہ کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان تعلیم کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے

بقیہ 3

آفتاب جبل، اقبال سرپرہ، مسعود مینگل کو ریمانڈ مکمل ہونے پر عدالت میں پیش کیا گیا، دورانِ سماعت عدالت نے ملزمان کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ اس موقع پر میڈیا کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے ملزم آفتاب جبل نے کہا کہ پولیس کی تفتیش سے تمام حقائق منظر عام پر آجائیں گے۔ بعدازاں ملزمان کو جیل منتقل کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ کوئٹہ کی وحدت کالونی کے رہائشی آصف خان نے خودکشی اور اپنے بیوی بچوں کو قتل کرنے سے قبل آفتاب جبل اور دیگر مبینہ ملزمان پر ویڈیو پیغام دباؤ ڈالنے سمیت دیگر الزامات عائد کیے تھے جس کے بعد انہیں پولیس نے حراست میں لیا تھا۔

بقیہ 4

کیریئر گائیڈنس ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا ورکشاپ کا مقصد نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا، ان میں قائدانہ صلاحیتیں پیدا کرنا اور انہیں مستقبل میں بہتر روزگار اور پیشہ ورانہ مواقع سے آگاہ کرنا تھا ورکشاپ میں ملک کے مختلف شہروں کے ماہر ٹریزز، پروفیسر نجم الحسن، غلام مرتضیٰ دانش اور دیگر مقررین نے نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے جدید دور کے تقاضوں، تعلیمی و پیشہ ورانہ ترقی، ڈیجیٹل مہارتوں، شخصیت سازی، مؤثر ابلاغ اور قیادت کی اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالی مقررین نے نوجوانوں کو تلقین کی کہ وہ اپنی صلاحیتوں پر اعتماد کریں، مثبت سوچ اپنائیں اور معاشرے کی ترقی میں فعال کردار ادا کریں ورکشاپ کے مہمانِ خصوصی ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس میر محمد کلہوڑو، معروف سماجی رہنما شائستہ کھوسو اور دیگر معزز شخصیات نے اپنے خطاب میں کہا کہ نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں اور ان کی رہنمائی و تربیت وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے ایسوسی ایشن فار سوشل اینڈ ہیلتھی ایکٹیویٹیز نیٹ ورک اور محکمہ امور نوجوانان سندھ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے پروگرام نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے اور انہیں عملی زندگی کے چیلنجز کا سامنا کرنے کے لیے تیار کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی نوجوانوں کی فلاح و بہبود، تعلیم، ہنرمندی اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے اس نوعیت کی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

بقیہ 5

۔ محکمہ صحت کی جانب سے جاری نوٹس کے مطابق متعلقہ ڈاکٹروں کو پہلے ہی شوکاز نوٹسز جاری کیے جا چکے ہیں اور اب انہیں اصولِ انصاف کے تحت ذاتی سماعت کا موقع دیا جا رہا ہے۔ تمام ڈاکٹروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ ڈسپلنری مقدمات میں ذاتی حیثیت میں پیش ہوں۔ نوٹس کے مطابق 29 جون 2026 کو ایڈیشنل سیکرٹری (ایڈمن) کے روبرو بلاک نمبر 6، بلوچستان سول سیکرٹریٹ کے کمرہ نمبر 5 میں ڈاکٹر یاسر خان، ڈاکٹر بہار شاہ، ڈاکٹر نادر خان اچکزئی، ڈاکٹر بخت کاکڑ، ڈاکٹر محمد شعیب، ڈاکٹر عزیز الرحمٰن، ڈاکٹر فیاض مستوئی اور ڈاکٹر علی حیدر پیش ہوں گے۔ اسی طرح 30 جون 2026 کو ڈپٹی سیکرٹری (ایڈمن-II) کے روبرو کمرہ نمبر 19 میں ڈاکٹر محمد طاہر، ڈاکٹر صبور احمد، ڈاکٹر محمد اویس، ڈاکٹر ثناء اللہ بلوچ، ڈاکٹر نقیب اللہ نثار، ڈاکٹر غلام مرتضیٰ، ڈاکٹر عرفان بگٹی، ڈاکٹر عبداللہ ترین اور ڈاکٹر محی الدین کاکڑ کو طلب کیا گیا ہے۔ نوٹس کے مطابق یکم جولائی 2026 کو ڈپٹی سیکرٹری (ایڈمن-I) کے روبرو کمرہ نمبر 22 میں ڈاکٹر علی احمد تاج، ڈاکٹر بصیر اچکزئی، ڈاکٹر محمد اکرم، ڈاکٹر عبدالحئی، ڈاکٹر کامیار خان، ڈاکٹر حفیظ مندوخیل، ڈاکٹر تاج ناصر، ڈاکٹر سلیم، ڈاکٹر سید سمیع اللہ اور ڈاکٹر نوراخان ذاتی سماعت کے لیے پیش ہوں گے۔ محکمہ صحت نے ہدایت کی ہے کہ تمام متعلقہ افسران سماعت کے موقع پر اپنے دفاع میں دستاویزی شواہد، تحریری بیانات یا دیگر متعلقہ مواد پیش کر سکتے ہیں۔ نوٹس میں واضح کیا گیا ہے کہ مقررہ تاریخ اور وقت پر بغیر کسی معقول جواز کے پیش نہ ہونے کی صورت میں دستیاب ریکارڈ کی بنیاد پر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 6

جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن سید عارف شاہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لورالائی محمد بختیار کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر موسیٰ خیل جمال الدین، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر دکی، ڈگری کالج کے پرنسپل پروفیسر سردار خان، سپرنٹنڈنٹ سمیت کمیٹی کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع دکی، موسیٰ خیل اور ژوب سے تعلق رکھنے والے میل و فیمیل امیدواروں سمیت مجموعی طور پر 16 امیدوار کمیٹی کے روبرو پیش ہوئے۔ امیدواروں نے اپنے اعتراضات، شکایات اور دادرسی سے متعلق معاملات پیش کیے، جنہیں کمیٹی نے نہایت سنجیدگی اور توجہ کے ساتھ سنا۔ کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی سربراہی میں کمیٹی کے تمام اراکین نے امیدواروں کے تحفظات کا تفصیلی جائزہ لیا جبکہ ان کی تعلیمی اسناد، ڈگریوں اور دیگر متعلقہ دستاویزات کی باریک بینی سے جانچ پڑتال بھی کی گئی۔ اس موقع پر کمشنر ولی محمد بڑیچ نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اعتراضات جمع کرانے والے تمام امیدواروں کی دادرسی ہر صورت یقینی بنائی جائے اور ان کی ڈگریوں و دستاویزات کی مکمل اور شفاف جانچ پڑتال کی جائے تاکہ کسی بھی امیدوار کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ بھرتیوں کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور انصاف کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا اور تمام فیصلے حکومتی پالیسی، قواعد و ضوابط اور مروجہ قوانین کے مطابق کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صرف اہل، باصلاحیت اور میرٹ پر پورا اترنے والے امیدواروں کے انتخاب کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ محکمہ تعلیم میں بہترین افرادی قوت کی شمولیت ممکن ہو سکے۔

بقیہ 7

جاری ہے۔ اس سلسلے میں کیسکو ٹیم کی طرف سے نادہندہ صارفین کے خلاف مؤثر کارروائی کی جا رہی ہیں اور رقم باقاعدہ قومی خزانے میں متعلقہ بینکوں کے ذریعے اکاؤنٹ میں جمع کی جا رہی ہیں رقم کیسکو حکام کے مطابق بجلی بلوں کی بروقت وصولی سے ادارے کی کارکردگی میں بہتری آئے گی اور صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی ممکن ہو سکے گی اس موقع پر ایس ڈی او کیسکو خاران سرفراز احمد بادینی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے صارفین سے گزارش کی کہ وہ اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے بجلی کے بل بروقت جمع کریں تاکہ ریکوری کے عمل میں آسانی پیدا ہو اور بجلی کی فراہمی کے نظام کو مزید مستحکم بنایا جا سکے بروقت بلز کی ادائیگی سے بجلی کی ٹیمنگ میں بھی اضافہ ممکن ہوگی بصورت دیگر کیسکو اتھارٹی کا نادہندگان کے خلاف سخت مہم کے دوران بلز جمع نہ کرانے پر کنکشنز کاٹ دی جائے گی خاران کیسکو اتھارٹی نے تمام ڈیفالٹرز کو حتمی وارننگ جاری کی کہ وہ ماہ جون سے پہلے لازمی بلز جمع کرائیں

بقیہ 8

کی نشاندہی ممکن ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان نے صوبے بھر کے سرکاری پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری اسکولوں کے لیے ایک اہم انتظامی و مالیاتی اصلاحاتی اقدام کے تحت ہر اسکول کو الگ GR کوڈ جاری کرتے ہوئے ان کے تنخواہوں کے بجٹ اور منظور شدہ آسامیوں کو بھی الگ الگ مختص کر دیا ہے۔ ماضی میں بیشتر پرائمری، مڈل اور دیگر تعلیمی اداروں کے تنخواہوں کے بجٹ اور آسامیوں کا ریکارڈ متعلقہ ڈسٹرکٹ یا تحصیل سطح کے ڈی ڈی او کے مشترکہ GR کوڈز میں شامل ہوتا تھا، جس کے باعث کسی مخصوص اسکول کی اصل منظور شدہ آسامیوں اور عملے کی تعداد کا درست تعین مشکل تھا۔ نئے نظام کے تحت ہر اسکول کا اپنا الگ GR کوڈ ہوگا اور خزانہ و فنانس ریکارڈ میں اس کے منظور شدہ تدریسی و غیر تدریسی عہدے بھی واضح طور پر درج ہوں گے۔ اس اقدام سے نہ صرف مالیاتی شفافیت میں اضافہ ہوگا بلکہ عوام، محکمہ تعلیم اور دیگر متعلقہ اداروں کو بھی یہ معلوم ہو سکے گا کہ کسی اسکول کے لیے کتنی آسامیاں منظور شدہ ہیں اور ان پر کتنی تعیناتیاں موجود ہیں۔ تعلیمی حلقوں کے مطابق ان اصلاحات کے نتیجے میں ایسے معاملات کی نشاندہی بھی ممکن ہوگی جہاں کسی اسکول میں اضافی اساتذہ تعینات کیے گئے ہوں یا کسی منظور شدہ آسامی کو خالی رکھ کر اس کا ریکارڈ واضح نہ ہو۔

بقیہ 9

دوستوں کے ایک مخلص و وفادار ساتھی تھے۔ انہیں جس بے رحمی اور سفاکیت کے ساتھ پتھر مار مار کر شہید کیا گیا، وہ ایسا دلخراش سانحہ تھا جس نے انسانیت کے ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شہید شبیر بلوچ کی والدہ نے انصاف کے حصول کے لیے دو طویل برس صبر، استقامت اور حوصلے کے ساتھ انتظار کیا۔ اس دوران حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مقدمے کی پیروی کو یقینی بنایا تاکہ متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا جا سکے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بالآخر قانون نے اپنا راستہ اختیار کیا، عدالت نے تمام حقائق، شواہد اور قانونی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ سنایا اور قاتلوں کو ان کے جرم کی سزا ملی۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ نہ صرف شہید کے خاندان کے لیے تسلی کا باعث ہے بلکہ معاشرے میں قانون کی بالادستی اور انصاف کی فراہمی کا واضح پیغام بھی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ وہ لمحہ تھا جب ایک غمزدہ اور دکھی ماں کے دل کو برسوں بعد کسی حد تک سکون اور قرار نصیب ہوا اور اسے یہ احساس ملا کہ انصاف میں تاخیر ضرور ہوئی، مگر انصاف ملا ضرور انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت شہداء کے خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور ہر شہری کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرتی رہے گی۔

بقیہ 10

اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد ہتیار، مفتی محمد ابوبکر، ڈیجیٹل میڈیا کوآرڈینیٹر عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطاء محمد شمشوزئی نے کہا کہ ظلم اور ناانصافی کے خلاف ڈٹ جانا امام حسین رضی اللہ عنہ کا پیغام ہے، وقت کے ہر یزید کے خلاف جدوجہد ہمارا شیوہ ہونا چاہیئے، انہوں نے محرم الحرام کے موقع پر کہا ہے کہ یہ مہینہ ہمیں حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قربانی، صبر، اخوت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے، لہٰذا تمام مکاتب فکر کے لوگ فرقہ وارانہ ہم آہنگی، رواداری اور باہمی احترام کو فروغ دیں اور کسی بھی قسم کی انتشار و فساد سے گریز کریں۔ رہنماؤں نے شہر میں پھیلائے جانے والے خوف و ہراس کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ امن کے ماحول کو خراب کرنے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی

بقیہ 11

کے ہمراہ شہید مراد کالونی میں بی ایس ڈی آئی منصوبے کے تحت جاری لف ٹائلز بچھانے کے ترقیاتی کام کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران عوامی شکایات کو مدنظر رکھتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار استعمال ہونے والے میٹریل اور مجموعی پیش رفت کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا معائنہ کے دوران بعض مقامات پر لف ٹائلز کے معیار اور تنصیب کے طریقہ کار سے متعلق تحفظات سامنے آئے جس پر فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ ٹھیکیدار اور عملے کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ غیر معیاری لف ٹائلز کو فوری طور پر اکھاڑ کر پی سی ون میں درج معیار کے مطابق نئی اور معیاری لف ٹائلز دوبارہ نصب کی جائیں۔ اسسٹنٹ کمشنر رمضان اشتیاق نے اس موقع پر واضح کیا کہ بی ایس ڈی آئی کے تحت جاری تمام ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوامی وسائل کے شفاف، مؤثر اور درست استعمال کو یقینی بنانے کے لیے ان منصوبوں کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے، اور کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی کے مرتکب افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ڈپٹی کمشنر کی جاری کردہ ہدایات پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ ترقیاتی منصوبے بروقت اور معیاری انداز میں مکمل ہو سکیں اور عوام کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔۔۔۔ استامحمد۔۔۔ ڈپٹی کمشنر استامحمد رمضان پلال کی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر استامحمد رمضان اشتیاق نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد یاسین جمالی کے ہمراہ شہید مراد کالونی میں بی ایس ڈی آئی منصوبے کے تحت جاری لف ٹائلز بچھانے کے ترقیاتی کام کا تفصیلی دورہ کیا دورے کے دوران عوامی شکایات کو مدنظر رکھتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار استعمال ہونے والے میٹریل اور مجموعی پیش رفت کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا

بقیہ 12

ڈی آئی (BSDI) اسکیم فیز 2 کے تحت ہندو برادری کے شمشان گھاٹ کے منصوبے کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ہندو برادری کے رہنماؤں نے ریاستِ پاکستان اور پاک فوج کے تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد سلیم ترین نے بی ایس ڈی آئی اسکیم فیز 2 کے ترقیاتی فنڈز سے ضلع ہرنائی کی ہندو کمیونٹی کے لیے زیرِ تعمیر شمشان گھاٹ کی چار دیواری اور دیگر جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے موقع پر موجود افسران کو کام کی رفتار تیز کرنے اور معیار کو ہر صورت برقرار رکھنے کی سخت ہدایات جاری کیں۔ اس اہم دورے کے موقع پر ہندو کمیونٹی ضلع ہرنائی کے سربراہ مکھی بابو لعل، دیوان چند اور ریمش کمار بھی موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے شمشان گھاٹ کے تعمیراتی کام کے ایک ایک حصے کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی اسکیموں میں شفافیت اور اعلیٰ معیار حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ اس موقع پر موجود ہندو برادری کے وفد نے ضلعی انتظامیہ اس کاوش کو سراہا۔ ہندو رہنماؤں مکھی بابو لعل، دیوان چند اور ریمش کمار نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہرنائی میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی اور حقوق حاصل ہیں

بقیہ 13

نے کہا کہ عصرِ حاضر میں خواتین سفارتکاروں، پالیسی سازوں اور عالمی رہنماؤں نے اپنی غیر معمولی صلاحیتوں، بصیرت اور قائدانہ کردار کے ذریعے نہ صرف سفارتی محاذ پر نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں بلکہ عالمی سطح پر مثبت اور دیرپا تبدیلیوں کی بنیاد بھی رکھی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خواتین کی فعال اور بامعنی شمولیت سے ممالک کے درمیان تعلقات مزید مستحکم ہوتے ہیں اور انسانی حقوق، صنفی مساوات اور عالمی امن کے فروغ میں بھی نمایاں بہتری آتی ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کی خواتین کسی بھی شعبے میں کسی سے پیچھے نہیں

بقیہ 14

اللہ، صحبت پور، نوشکی اور پشین سمیت مختلف اضلاع میں انسپکشن ٹیموں نے سینکڑوں خوراک کے مراکز کا معائنہ کرتے ہوئے قوانین کی خلاف ورزیوں پر 28 مراکز کو جرمانہ جبکہ 36 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے۔ جرمانہ کیے گئے مراکز میں جنرل اسٹورز، مصالحہ شاپس، بیکنگ یونٹس، میٹ شاپس، ریسٹورنٹس، فاسٹ فوڈ و پیزا پوائنٹس، جوس و آئس کریم شاپس، نان شاپس اور دیگر فوڈ آؤٹ لیٹس شامل ہیں۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق ضلع پشین کے علاقے بٹیزئی میں فوڈ سیفٹی ٹیم نے مختلف مراکز کا معائنہ کیا جہاں صفائی اور فوڈ سیفٹی اصولوں کی خلاف ورزی پر ایک یونٹ کو جرمانہ جبکہ تین مراکز کو سات روزہ شوکاز نوٹسز جاری کیے گئے۔ اس موقع پر چار زیر التواء فوڈ بزنس لائسنس درخواستوں کی جانچ پڑتال اور پراسیسنگ بھی مکمل کی گئی جبکہ کاروباری مراکز کو خوراک کی محفوظ تیاری، ذخیرہ کاری اور حفظانِ صحت سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔ کوئٹہ میں جوائنٹ روڈ، ارباب کرم خان روڈ، سریاب روڈ، ایئرپورٹ روڈ، سرکی روڈ اور فقیر محمد روڈ پر انسپکشن کارروائیوں کے دوران مصالحہ شاپس، جنرل اسٹورز، جوس اینڈ آئس کریم شاپ، فاسٹ فوڈ پوائنٹس، ریسٹورنٹ اور نان شاپ کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ مختلف مراکز سے زائد المیعاد اشیاء، پابندی عائد چائنیز نمک، نان فوڈ گریڈ کلرز اور ممنوعہ اشیاء برآمد ہوئیں جبکہ ناقص صفائی، غیر معیاری اسٹوریج، کھلے کوڑے دان، کم وزن نان اور فوڈ بزنس لائسنس کی عدم دستیابی پر متعدد مراکز مالکان کو جرمانے کیے گئے۔ صنعتی شہر حب میں مرکزی شاہراہ پر واقع کھانے پینے کے مراکز کے معائنے کے دوران ایک ہول سیلر ٹریڈر اور ایک پیزا شاپ مالک کو ایکسپائرڈ دودھ، کیمیکل پرنٹڈ پیپر کے استعمال اور مصنوعات پر مینوفیکچرنگ و ایکسپائری تاریخ درج نہ کرنے پر جرمانہ کیا گیا جبکہ آٹھ مراکز کو معمولی نقائص پر اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ پنجگور کے علاقے کالام چوک چھکان اور گردونواح میں دو جنرل اسٹورز اور ایک فاسٹ فوڈ پوائنٹ کو جرمانہ کیا گیا۔ کارروائی کے دوران ایکسپائرڈ مشروبات، لسی، اسنیکس، کیکس، بسکٹس، پابندی عائد چائنیز نمک اور ممنوعہ اشیاء ماوا و شیکر برآمد ہوئیں جنہیں ضبط کر کے موقع پر تلف کر دیا گیا جبکہ تین مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ نوشکی میں راخشان ڈویژن فوڈ سیفٹی ٹیم نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نوشکی محسن لاشاری کے ہمراہ مختلف خوراک کی مراکز کا معائنہ کیا۔

بقیہ 15

سے ملاقات کر کے انہیں ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کا قیام ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور عزاداروں کو پرامن ماحول کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ اداروں اور سکیورٹی اہلکاروں کو ہدایت کی کہ جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل مستعدی کا مظاہرہ کیا جائے انہوں نے کہا کہ عوام، علما کرام اور انتظامیہ کے باہمی تعاون سے محرم الحرام کے دوران امن و بھائی چارے کی فضا کو برقرار رکھا جائے گا اور تمام انتظامات کی مسلسل نگرانی جاری رہے گی۔

بقیہ 16

، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر طبی عملے کے خلاف فوری محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی جبکہ ان کی تنخواہیں بھی بند کی جائیں گی۔ عوام کو بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز ضلعی ہیڈکوارٹر میں منعقدہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی سمیت کمیٹی کے اراکین اور متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں ضلع بھر میں صحت عامہ کی صورتحال، سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکزِ صحت میں طبی سہولیات کی فراہمی، طبی عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق خان خجک نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کو انکی دہلیز پر بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے اور ضلعی انتظامیہ اس سلسلے میں اپنی تمام تر ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھائے گی۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو بھی صحت کی یکساں سہولیات فراہم کرنا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، اس لیے تمام متعلقہ افسران اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری دیانتداری اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں انہوں نے کہا کہ بنیادی مراکزِ صحت (بی ایچ یوز) اور دیگر طبی مراکز میں ڈاکٹروں اور عملے کی باقاعدہ حاضری کو یقینی بنایا جائے۔ اچانک معائنوں کا سلسلہ مزید مؤثر بنایا جائے گا اور جہاں بھی غیر حاضری یا غفلت پائی گئی وہاں فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو علاج معالجے کے لیے مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے اور ہر مریض کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 17

اور سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ تیز کرتے ہوئے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس کی موجودگی اور ناکہ بندیوں کے باعث عوام میں تحفظ کا احساس پیدا ہوا ہے۔ شہریوں اور سماجی حلقوں نے امن و امان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے ایس ایچ او ندیم احمد بہرانی اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ پولیس اسی جذبے کے ساتھ عوام کی خدمت اور قانون کی بالادستی کے لیے اپنی ذمہ داریاں انجام دیتی رہے گی۔ اوستہ محمد میں ایس ایچ او ندیم احمد بہرانی کی قیادت میں پولیس متحرک، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں سے امن و امان کی صورتحال بہتر، شہریوں نے کارکردگی کو سراہ دیا۔

بقیہ 18

بنائے جمعیت علماء اسلام آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے جائز مطالبات کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر عبدالسلام لانگو کی قیادت میں ملنے والے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی وفد میں جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی، سینئر نائب صدر حاجی ابراہیم اچکزئی، جنرل سیکرٹری قلعہ سیف اللہ محمد اسحاق کاکڑ اور دیگر شامل تھے۔ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر عبدالسلام لانگو، جنرل سیکرٹری مجیب مہترزئی نے جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری آغا محمود شاہ کو ٹھیکیداروں کو درپیش مسائل سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور انہیں بلوچستان موجودہ صوبائی حکومت نے آئندہ مالی سال 2026-27ء کے بجٹ میں آن گوئنگ اسکیمات کے جو فنڈز رکھے ہیں وہ آٹے میں نمک کے برابر ہیں جس کی وجہ سے آن گوئنگ اسکیمات کی بروقت تکمیل ممکن نہیں ہے جس سے ٹھیکیدار برادری کو مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا

بقیہ 19

عمیل اور جاری انفورسمنٹ اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر محصولات میں مزید اضافے اور ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے کے مختلف اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ اجلاس میں حب انڈسٹریل ایریا، لیڈا (LIEDA) اور دیگر صنعتی علاقوں میں قائم کمپنیوں کی رجسٹریشن، ٹیکس ادائیگی اور ریٹرن فائلنگ کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ بعض کمپنیوں کی جانب سے کم یا عدم ادائیگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ریکارڈ کی جانچ پڑتال، واجبات کی وصولی اور قانونی تقاضوں کے مطابق ضروری کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی گئی۔ چیئرمین نے ہدایت کی کہ لیڈا اور دیگر صنعتی زونز میں قائم کمپنیوں کا جامع سروے مکمل کیا جائے اور فعال، نئی قائم ہونے والی اور غیر فعال صنعتی یونٹس کی تفصیلی درجہ بندی تیار کی جائے۔ مزید برآں محصولات اور وصولیوں کی تفصیلی فہرست مرتب کرنے کے ساتھ ساتھ غیر تعمیل کنندگان کے خلاف آئندہ انفورسمنٹ اقدامات کا جامع منصوبہ بھی پیش کیا جائے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ماربل سٹی میں متعدد کمپنیوں کی رجسٹریشن مکمل ہو چکی ہے جبکہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد اور واجبات کی وصولی کو یقینی بنانے کیلئے متعلقہ کمپنیوں کو نوٹسز جاری کیے جا چکے ہیں۔ چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ محصولات میں اضافے، ٹیکس قوانین کے مؤثر نفاذ، شفافیت کے فروغ اور ٹیکس دہندگان کی سہولت کاری کیلئے اقدامات مزید تیز کیے جائیں گے تاکہ بلوچستان کی پائیدار ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کیلئے مالی وسائل میں اضافہ یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 20

یار سے تعلق رکھنے والے گورنمنٹ کنٹریکٹر میر ثناء اللہ بہرانی جو کہ رکن بلوچستان اسمبلی و وزیراعلیٰ کی مشیر ہادیہ نواز بہرانی کے کزن بھی گزشتہ روز قلات کے علاقے سے اپنے تین محافظوں سمیت اغواء ہو گئے تھے وہ بازیاب ہو کر گھر پہنچ گئے خاندانی ذرائع نے انکی بازیابی کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ انکی باحفاظت بازیابی ان کے خاندان کے لیے بہت بڑی خوشی سے کم نہیں۔

بقیہ 21

پاکستان کو دنیا میں ایک نئی شناخت دی ہے۔ سینیٹر جان بلیدی اور پھلین بلوچ نے ضلع پنجگور کے چیدگی روڈ اور ضلع کیچ کے دانش اسکول کے سنگ بنیاد رکھنے کے لیے کیچ و پنجگور دورے کی دعوت بھی دی۔ سینیٹر جان محمد بلیدی اور پھلین بلوچ نے وزیراعظم کو علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل اور بنیادی سہولیات سے متعلق امور سے آگاہ کیا۔ وزیراعظم نے تربت دانش اسکول اور پنجگور چیدگی روڈ پر کام کو تیز کرنے اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کیئے۔ ملاقات میں گرین پاکستان انیشی ایٹو کے تحت کیچ اور پنجگور کے زمینداروں کو قرضوں کی فراہمی، زرعی شعبے کی ترقی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور خطے میں مزید ترقیاتی منصوبوں کے آغاز سے متعلق امور بھی زیرِ بحث آئے۔ اس موقع پر بلوچستان کی پائیدار ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے وفاقی حکومت کے تعاون کو مزید مؤثر بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 22

زراعت توسیع شمس الحق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے خوشحال کسان وژن اور حکومت بلوچستان کی خصوصی توجہ کی بدولت زراعت کے شعبے میں انقلابی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ جنکے دور رس نتائج برآمد ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پورے صوبے میں محکمہ زراعت کے عملے کو خصوصی ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ اپنے اضلاع کے تمام علاقوں کے دورے کریں اور کسانوں کے مسائل ان کے دہلیز پر حل کریں۔ کسانوں کو کسان کارڈ کے حصول کا طریقہ کار اور رجسٹریشن کے عمل کا طریقہ کار سمجھائیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں ضلع دفتر سے ٹیمیں تشکیل دیکر مختلف علاقوں میں بھیجی جا رہی ہیں جن کے ثمرات بہت جلد ظاہر ہونگے ڈپٹی ڈائریکٹر نے زمینداروں کے وفد کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ صوبائی حکومت زمینداروں کے مسائل کے فوری حل اور انہیں ریلیف دینے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔

بقیہ 23

پر 90 روز کے لیے پابندی عائد کر دی ہے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ محمد حمزہ شفقات کے مطابق یہ فیصلہ عوامی مفاد اور قدرتی وسائل کے تحفظ کے پیشِ نظر ضابطہ فوجداری کی دفعہ 144 کے تحت کیا گیا ہے۔ پابندی کا اطلاق فوری طور پر ہوگا اور یہ حکم صوبہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں نافذ العمل رہے گا انہوں نے بتایا کہ صوبے میں جنگلاتی وسائل کی غیر قانونی نقل و حرکت کو روکنے اور ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے لکڑی اور جنگلاتی مصنوعات کی ترسیل پر عارضی پابندی ضروری سمجھی گئی۔ اس اقدام کا مقصد جنگلات کے تحفظ اور قدرتی وسائل کے پائیدار استعمال کو یقینی بنانا ہے محمد حمزہ شفقات کے مطابق تمام ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، پولیس، فرنٹیئر کور اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اس حکم کی خلاف ورزی کرنے والی کسی بھی گاڑی، ٹرک، ٹریلر یا دیگر ذرائع نقل و حمل کو روک کر قبضے میں لے سکتے ہیں اور متعلقہ قانونی کارروائی عمل میں لا سکتے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ پابندی کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 188 اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ دورانِ پابندی کسی بھی اجازت نامے، پاس یا اتھارائزیشن کی بنیاد پر لکڑی یا جنگلاتی مصنوعات سے لدی گاڑیوں کو رہا نہیں کیا جائے گا ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ نے کہا کہ صرف غیر معمولی نوعیت کے ایسے معاملات جن کا تعلق عوامی مفاد یا حکومتی ضروریات سے ہو، ان میں متعلقہ انتظامی سیکرٹری محکمہ داخلہ کو تحریری طور پر خصوصی استثنیٰ کی درخواست ارسال کر سکے گا۔ تاہم محکمہ داخلہ کی جانب سے باقاعدہ تحریری منظوری ملنے تک پابندی مکمل طور پر نافذ العمل رہے گی

بقیہ 24

، شہری سہولیات، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، صحت و تعلیم کے شعبوں میں درپیش چیلنجز، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، صفائی ستھرائی کی صورتحال اور BSDI کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سیاسی رہنماؤں نے عوام کو درپیش مسائل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے حوالے سے اپنی تجاویز اور سفارشات پیش کیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے کہا کہ BSDI کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں میں عوامی ضروریات اور مقامی آبادی کی نشاندہی کو خصوصی اہمیت دی گئی ہے تاکہ ترقیاتی اقدامات کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہری مسائل کے مستقل حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور شفاف تکمیل کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ عوام کو بہتر سہولیات میسر آسکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ لورالائی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ایک ماڈل ضلع بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ سڑکوں کے انفراسٹرکچر کی بہتری، شہری نکاسی آب کے نظام کی اصلاح، تعلیمی اداروں اور صحت کے مراکز کی بہتری سمیت مختلف شعبوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ سیاسی رہنماؤں نے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لورالائی کی ترقی، عوامی مسائل کے حل اور بہتر طرزِ حکمرانی کے لیے مشترکہ کاوشیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے نہ صرف عوام کا معیارِ زندگی بہتر ہوگا بلکہ لورالائی صوبے کے ترقی یافتہ اضلاع میں نمایاں مقام حاصل کرے گا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی اور عوامی مفاد کے منصوبوں پر باہمی مشاورت اور رابطوں کو مزید مؤثر بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 25

غریب آدمی ایک اذیت ناک زندگی سے گزر رہا ہے انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی غیر سنجیدگی کی پالیسیوں کی وجہ سے پورا ملک جام ہو چکا ہے اور حکمران ملک چلانے میں ناکام نظر آرہے ہیں جبکہ ان کی جابرانہ و ظالمانہ پالیسیوں کے باعث زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور عام عوام سراپا احتجاج ہے ان کے غیر سنجیدہ فیصلوں سے مہنگائی اور بیروزگاری نے ملک کی 70 فیصد آبادی کو اپنے نرغے میں لے رکھا ہے بھوک و افلاس نے ملک میں مستقل طور پر ڈیرے ڈال رکھے ہیں عام آدمی کو تعلیم صحت روزگار میسر نہیں ان تمام محرومیوں کا اصل ذمہ دار ایک ہی مراعات یافتہ طبقہ ہے جس نے عوام کا استحصال میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے انہوں نے کہا ہے کہ ان کی غلط معاشی پالیسی کی وجہ سے تباہ کن سونامی ثابت ہوگا کیونکہ کہ ملک میں مہنگائی بیروزگاری نے عوام کا جینا محال بن چکا ہے

بقیہ 26

، ترقیاتی مالیاتی ادارے اور دیگر مالیاتی ادارے بند رہیں گے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق 9 محرم الحرام بروز جمعرات اور 10 محرم الحرام بروز جمعہ یومِ عاشور کی مناسبت سے ملک بھر میں عام تعطیل ہوگی۔ ان دو سرکاری تعطیلات کے فوراً بعد ہفتہ اور اتوار کی ہفتہ وار تعطیلات بھی آ رہی ہیں، جس کے باعث بینک مسلسل چار دن تک صارفین کو اپنی معمول کی خدمات فراہم نہیں کر سکیں گے۔ تعطیلات کے دوران برانچوں میں لین دین، چیک کلیئرنگ، اکاؤنٹ سے متعلق بیشتر خدمات اور دیگر مالیاتی سرگرمیاں معطل رہیں گی، تاہم اے ٹی ایم مشینیں، موبائل بینکنگ، internet بینکنگ اور ڈیجیٹل ادائیگیوں کی سہولیات معمول کے مطابق دستیاب رہیں گی تاکہ صارفین کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ تعطیلات کے اختتام کے بعد پیر کے روز تمام بینک اور مالیاتی ادارے معمول کے مطابق دوبارہ کھل جائیں گے اور صارفین کو بینکاری خدمات کی فراہمی بحال ہو جائے گی۔

بقیہ 27

گر افسوس کہ انہیں سہولت دینے کے بجائے مشکلات اور تکالیف میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقات اور گفتگو کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی شاہراہوں پر قائم متعدد چیک پوسٹوں پر روزانہ مسافر گاڑیوں، بسوں اور دیگر ٹرانسپورٹ کی طویل قطاریں معمول بن چکی ہیں۔ مریض، خواتین، بچے، بزرگ، معذور افراد اور روزگار کی غرض سے سفر کرنے والے شہری شدید گرمی میں گھنٹوں انتظار پر مجبور ہیں، جس سے نہ صرف ان کی صحت متاثر ہو رہی ہے بلکہ ان کا قیمتی وقت بھی ضائع ہو رہا ہے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ شدید گرمی، بھوک، پیاس اور غیر ضروری تاخیر نے بلوچستان میں سفر کو عوام کے لیے عذاب بنا دیا ہے۔ کئی مرتبہ ہنگامی طبی امداد کے محتاج مریض بروقت اسپتال نہ پہنچنے کے باعث جان کی بازی ہار چکے ہیں، جبکہ امتحانات، ملازمتوں، کاروباری سرگرمیوں اور دیگر اہم معاملات کے لیے سفر کرنے والے شہری بھی شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ اس صورتحال کا فوری نوٹس لیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی کے تقاضے اپنی جگہ اہم ہیں، لیکن عوام کی عزت، جان اور وقت کا تحفظ بھی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ جدید اور مؤثر نظام متعارف کروا کر سیکیورٹی کو یقینی بناتے ہوئے عوام کو غیر ضروری انتظار، بے جا پوچھ گچھ، بدسلوکی اور اذیت سے نجات دلائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے وفاقی و صوبائی حکومت، نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے)، متعلقہ سیکیورٹی اداروں اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر ایسا مربوط نظام وضع کریں جس سے چیک پوسٹوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رہے، مسافروں کو بلاوجہ انتظار نہ کرنا پڑے اور مریضوں، خواتین، بزرگوں اور ایمرجنسی کیسز کے لیے خصوصی سہولت فراہم کی جائے۔

بقیہ 1

کرنے کے لیے سیاسی انداز میں کوشش کی گئی تاہم ایک وفاقی وزیر نے آگ بجھانے کے بجائے اسے مزید بھڑکایا، وہ وزیر اب تک معافی مانگنے کیلئے بھی تیار نہیں، چاہتا ہوں وزیراعظم کامیاب ہوں، کامیاب ہونگے تو صورتحال بہتر ہوگی، اگر قوم اور تمام سیاسی جماعتیں متحد ہوجائیں اور تمام مسائل کا مل کر مقابلہ کریں گے تو موجودہ جیوپولیٹیکل حالات میں پاکستان کیلئے موجود مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ بدھ کو یہاں قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سب سے پہلے وہ وزیرخزانہ سے معذرت خواہ ہیں کیونکہ ہمارا ارادہ تھا کہ بجٹ کا عمل مکمل کیا جائے، میں نے بہت کوشش کی کہ تمام تقاریر مکمل ہوں اور ہم اس مرحلے تک پہنچ جائیں لیکن اتنے موضوعات کھول دیئے گئے کہ مجھے بھی اپنا موقف پیش کرنا پڑا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ میں دومرتبہ خود وزیراعظم کو ووٹ دے چکا ہوں وہ جس محنت، کام کی اخلاقیات، نیت اور انداز کے ساتھ اتحادیوں اور اپوزیشن سے رابطہ رکھتے ہیں، اس سے واضح ہے کہ وہ مثبت انداز میں ملک کو مشکل حالات سے نکالنا چاہتے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وزیراعظم جس نیت کے ساتھ اتحادیوں اور اپوزیشن کو انگیج کرتے ہیں اسے سراہتا ہوں لیکن کچھ وزیر ایسے مشورے دیتے ہیں کہ جن کی وجہ سے کام میں مشکلات پیدا ہوجاتی ہیں، ایسے وزیر کیوں ہیں جو کہیں کہ راولاکوٹ کے شہری کشمیری نہیں، وزیراعظم کو اپنی ٹیم کو کنٹرول کرنا چاہیے، ایک وفاقی وزیر نے آگ بجھانے کے بجائے اسے مزید بھڑکایا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی وزیر کہے کہ ہم جیب میں 12 سیٹیں لیکر آتے ہیں تو کیسے اس کا ساتھ دیں، راجہ پرویز اشرف نے خواجہ آصف کو اپنی بات واپس لینے کا موقع دیا، وزیر دفاع معافی مانگنے کے لیے تیار نہیں تو اس وزیر کا ساتھ کیسے دیں؟ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وزیراعظم مثبت انداز سے کام کر کے ملک کو مسائل سے نکالنا چاہتے ہیں، آزاد جموں و کشمیر کے مسائل حل کرنے کے لیے سیاسی انداز میں کوشش کی گئی، ایک وزیر کچھ دوسرا کچھ بات کرتا ہے، وزیراعظم اس کو کنٹرول کریں ورنہ وقت گزرنے کے ساتھ مشکلات میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وہ رانا ثناء اللہ کی عزت کرتے ہیں، نواز شریف کا کشمیر کے ساتھ جو تعلق ہے، اس سے بھی کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ آج اگر مولانا فضل الرحمان نے ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے، تو حکومت کو بھی ایسی پوزیشن اختیار کرنی چاہیے، جس سے سیاسی راستہ نکل سکے۔ مولانا فضل الرحمان کو یہ موقع دینا چاہیے کہ وہ متعلقہ فریقوں سے بات چیت کرکے اس مسئلے کا ایسا حل نکالیں کہ لوگوں کو بار بار احتجاج نہ کرنا پڑے اور کشمیر کاز بھی محفوظ رہے۔ کراچی کے معاملے پر گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پیپلزپارٹی نے کہا کہ کراچی کے دوستوں کو بتاتا ہوں کہ آپ کے مسائل پیپلزپارٹی کے ساتھ نہیں کابینہ میں بیٹھے آپ کے ارکان کے ساتھ ہیں، آپ کے کابینہ میں بیٹھے دوست آپ سے غلط بیانی کررہے ہیں، پی ڈی ایم میں جو معاہدہ ہوا تھا اس میں آڑے خود ایم کیو ایم کے وزرا آئے، مجھ پر اور پیپلزپارٹی پر بیشک تنقید کریں مگر اپنے وزرا سے پوچھیں، آپ اگر سمجھتے ہیں کہ کراچی کے مسائل حل نہیں ہوتے آپ کو لالی پاپ مل رہا ہے تو آپ حکومت کو چھوڑیں اور الگ ہوجائیں، کیا کراچی زیادہ اہم ہے یا یہ کرسیاں زیادہ اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلزپارٹی کی جہاں حکومت ہے وہاں بلدیاتی نظام ہیں، مسلم لیگ (ن) کو بلدیاتی الیکشن سے خوف ہے، کراچی میں جو بلدیاتی نظام ہے وہ ذرا لاہور میں بھی لائیں، آپ آئین کی بات کرتے ہیں، ترامیم کرتے ہیں مگر اسلام آباد میں بھی بلدیاتی نظام نہیں، آپ اسلام آباد کا بلدیاتی نظام ایسا لائیں تاکہ ہمیں رشک ہو اسلام آباد کا میئر زیادہ بااختیار ہو، میں مطالبہ کرتا ہوں پورے ملک میں بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں، گلگت بلتستان میں حکومت بن چکی ہے، 90 روز میں بلدیاتی انتخابات کرائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سے کہتا ہوں کہ آپ عاشورہ سے پہلے بجٹ منظور کرائیں، کل سے ہمارے ارکان نہیں ہونگے، اب آپ کی مرضی ہے یہاں بحث کراتے ہیں یا پھر بجٹ کی منظوری، چاہتا ہوں وزیراعظم کامیاب ہوں کیونکہ وہ کامیاب ہونگے تو صورتحال بہتر ہوگی۔

بقیہ 2

کوششوں پر پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے مبارکباد دی ہے۔ وزیراعظم آفس کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کو قطر کے امیر تمیم بن حمد آل ثانی کا ٹیلیفون موصول ہوا اور دونوں رہنماؤں کے درمیان نہایت خوش گوار اور دوستانہ گفتگو ہوئی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ امیر قطر نے وزیراعظم کو پاکستان کی کامیاب سفارتی کوششوں پر مبارکباد دی، جن کے نتیجے میں امریکا اور ایران کے درمیان تاریخی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔ انہوں نے وزیراعظم کی قیادت کو سراہا اور پاکستان کی امن کی کوششوں کے لیے قطر کی مکمل حمایت کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے امیر قطر کا امن کی کوششوں میں مسلسل اور بھرپور تعاون پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی فیلڈ مارشل عاصم منیر کی انتھک کوششوں اور قطر سمیت برادر ممالک کے اہم کردار کی بدولت ممکن ہوئی ہے۔ دونوں رہنماؤں نے سوئٹزرلینڈ کے علاقے برگن اسٹاک میں ہونے والے تکنیکی سطح کے مذاکرات کے پہلے دور پر اطمینان کا اظہار کیا اور اس بات پر زور دیا کہ مثبت پیش رفت کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے تاکہ مذاکرات کامیاب ہو سکیں، اس سلسلے میں دونوں رہنماؤں نے اتفاق کیا کہ مذاکراتی عمل کو نقصان پہنچانے کی کوششوں سے محفوظ رکھنا ضروری ہے۔ امیر قطر نے راس لفان انڈسٹریل سٹی کی بزنان گیس تنصیب میں آتشزدگی کے افسوس ناک واقعے میں ایک پاکستانی شہری کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار بھی کیا۔ وزیراعظم نے ان کی ہمدردی پر شکریہ ادا کیا اور قطر کی قیادت کی تعریف کی کہ وہ قطر میں مقیم پاکستانی برادری، جس کی تعداد اب تین لاکھ سے زائد ہے، کی فراخ دلی سے میزبانی کر رہی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے رواں سال دوحہ کے اپنے دورے کا ذکر کرتے ہوئے امیر قطر کو پاکستان کے دورے کی ایک بار پھر دعوت دی، جس پر امیر قطر نے رواں سال کے آخر میں پاکستان کا دورہ کرنے کی خواہش ظاہر کی تاکہ دوطرفہ تعاون اور خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔ دونوں رہنماؤں نے آئندہ دنوں میں دونوں ممالک کے درمیان قریبی رابطے اور مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 3

میں دونوں رہنماؤں نے خطے کی صورتحال اور جاری مذاکراتی عمل پر تبادلہ خیال کیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق عباس عراقچی نے سعودی وزیرخارجہ کو امریکا اور ایران کے درمیان جاری مذاکرات سے متعلق پیش رفت سے آگاہ کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے مذاکراتی عمل کو آگے بڑھانے، پائیدار نتائج کے حصول کیلئے مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے اور سفارتی رابطوں کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ گفتگو کے دوران ایران اور سعودی عرب کے درمیان مشترکہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی روابط کو فروغ دینے کی اہمیت پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 4

پیشرفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے خطے میں کشیدگی میں کمی پر اطمینان کا اظہار کیا اور دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر محسن نقوی نے سوئٹزرلینڈ کے شہر برگن اسٹاک میں ہونے والے مشترکہ اعلامیہ پر ایرانی ہم منصب کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ پیش رفت ایران کی حکومت اور قیادت کی سنجیدہ اور مخلصانہ کوششوں کے بغیر ممکن نہ تھی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ سے خطے اور دنیا میں امن واستحکام کا خواہاں رہا ہے اور مشرق وسطیٰ میں دیرپا امن کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا، امید ہے حالیہ امن معاہدے کے خطے پر مثبت اور دور رس اثرات مرتب ہوں گے۔ ایرانی وزیر داخلہ نے پاکستان میں اپنے دورے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جلد وہ پاکستان کا تفصیلی دورہ کریں گے جس کا مقصد دونوں ممالک کی وزارت داخلہ کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانا ہوگا۔ ملاقات میں سکیورٹی تعاون، انسداد دہشتگردی، سائبر سکیورٹی اور امیگریشن سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا، ایرانی وزیر داخلہ نے ایران امریکہ مذاکرات میں پاکستان کے کردار اور پاکستانی عوام کی حمایت کو بھی سراہا۔ ملاقات میں وزیرمملکت داخلہ طلال چودھری، سیکرٹری داخلہ اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 5

بھی ساتھ چلنے پر اتفاق کیا گیا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں ہونے والے ملاقات میں خوشگوار جملوں کا تبادلہ کیا گیا، پی پی رہنما اور سابق وزیراعظم راجا پرویز اشرف بھی ملاقات میں موجود تھے۔ آئی پی پی کی طرف سے وزیرمملکت عون چوہدری، منزہ حسن اور گل اصغر بگھور بھی شریک ہوئے۔ ملاقات میں گلگت بلتستان میں حکومت سازی سمیت مختلف امور پر گفتگو کی گئی۔ پیپلز پارٹی اور استحکام پاکستان پارٹی نے گلگت بلتستان میں آئندہ بھی ساتھ چلنے پر اتفاق کیا۔ بعدازاں بلاول بھٹو زرداری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گلگت بلتستان میں حکومت سازی میں ساتھ دینے پر استحکام پاکستان پارٹی کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 6

لیے امریکا اور ایران کے درمیان ہاٹ لائن انتہائی اہم ہے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق انہوں نے کہا کہ ہاٹ لائن کا مقصد غلط معلومات اور کسی بھی ممکنہ اشتعال انگیزی کو روکنا ہے، بعض عناصر معاہدے کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں، اس لیے ضروری ہے کہ جہازوں کو ملنے والی کسی بھی دھمکی کی ایران سے تصدیق کی جائے۔ شیخ محمد بن عبدالرحمان الثانی نے کہا کہ قطر آبنائے ہرمز سے گزرنے پر فیس عائد کرنے کے کسی ایرانی منصوبے کی حمایت نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایران کوئی مجوزہ ماڈل پیش کرتا ہے تو اسے اس کے حق میں دلائل دینا ہوں گے، جبکہ قطر اس مجوزہ ماڈل کا جائزہ لے گا۔ قطری وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ دنیا تک ہماری رسائی کے واحد راستے پر کسی اور کا کنٹرول قابل قبول نہیں ہوگا، آئندہ 30 دنوں میں بحری سرگرمیاں جنگ سے پہلے کی سطح کے قریب پہنچ جائیں گی۔ شیخ محمد بن عبدالرحمان الثانی نے کہا کہ قطر چند ہفتوں میں ایل این جی کی پیداوار معمول پر لانے کا ارادہ رکھتا ہے، تاہم یہ آبنائے ہرمز میں صورت حال کے معمول پر آنے سے مشروط ہوگا۔

بقیہ 7

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت ایرانی قوم کی مزاحمت، استقامت اور طاقت کا مظہر ہے، یہ یادداشت امریکا کی شکست کا اعلان بن گئی ہے۔ باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ خطے کے ممالک علاقائی سلامتی کو خود یقینی بنائیں، بیرونی مداخلت مسترد کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے ممالک کے ساتھ خودمختاری کے احترام کی بنیاد پر تعاون کے لیے تیار ہیں۔ -------امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ میں نے ایران کو گھٹنوں پر لا کھڑا کیا ہے، وہ گرنے ہی والا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ایک بیان میں ایران جنگ ختم کرنے کا مطالبہ کرنے والی کانگریس کی قرارداد پر تنقید کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ قرارداد بے وقت اور بے معنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیلجز نے میرا کام مشکل بنا دیا ہے، میں یہ کام کسی نہ کسی طرح مکمل کرلوں گا، میں ہمیشہ کام مکمل کرتا ہوں۔ -------امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے امریکا کو یقین دہانی کرائی ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تجارتی یا دیگر بحری جہازوں سے کسی قسم کا ٹول ٹیکس یا اضافی فیس وصول نہیں کی جائے گی۔ اس بات کا دعویٰ امریکی صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ امریکا نے ایران کو کوئی نئی مالی امداد فراہم نہیں کی اور نہ ہی ایران کے منجمد فنڈز میں سے کوئی رقم واپس کی گئی ہے۔ صدر ٹرمپ نے یہ بھی بتایا کہ ایران کے منجمد فنڈز میں سے کچھ رقم امریکا جاری کردے گا تاہم اس رقم کا مکمل کنٹرول امریکا کے پاس ہی ہوگا اور اسے براہ راست ایران کو نہیں دیا جائے گا۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کی اس رقم سے امریکا کے کسانوں اور مویشی پالنے والوں سے مکئی، گندم، سویابین اور دیگر زرعی اجناس خریدے جائیں گے تاکہ ایران میں غذائی ضروریات پوری کی جاسکیں۔ صدر ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ اس وقت ایران کو خوراک کی شدید ضرورت ہے اس لیے ہم ان کے لیے ان پیسوں سے صرف امریکا سے خوراک خریدیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ایران نے واضح طور پر آگاہ کیا کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں پر نہ کوئی ٹول عائد کیا جا رہا ہے، نہ اضافی انشورنس اخراجات طلب کیے جا رہے ہیں اور نہ ہی کسی اور قسم کی فیس وصول کی جا رہی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی آمیز لہجے میں خبردار کیا کہ اگر ٹول فیس یا اضافی چارجز نہ لینے کی یہ معلومات غلط ثابت ہوئیں تو ایران کے ساتھ جاری مذاکرات فوری طور پر ختم کر دیئے جائیں گے۔ -------ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے حماس کی سیاسی قیادت کے ایک سینئر رکن سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے۔ جس میں ایران اور امریکا کے درمیان جاری مذاکرات، خطے کی تازہ صورتحال اور فلسطین کے معاملے پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق عباس عراقچی نے حماس کے سیاسی بیورو کے رکن باسم نعیم سے گفتگو کے دوران مشرق وسطیٰ میں ہونے والی حالیہ پیش رفت اور ایران امریکا مذاکرات سے متعلق تبادلہ خیال کیا۔ رپورٹس کے مطابق حماس نے ایران اور امریکا کے درمیان ہونے والے ابتدائی معاہدے کا خیرمقدم کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ اس پیش رفت سے غزہ میں جاری کشیدگی اور تشدد کے خاتمے میں بھی مدد ملے گی۔ گفتگو کے دوران ایرانی وزیرخارجہ نے اس بات کا اعادہ کیا کہ اسلامی جمہوریہ ایران فلسطینی عوام اور ان کے جائز قومی حقوق کی مکمل حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران فلسطینیوں کی جدوجہد اور ان کے حقوق کے حصول تک ان کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق دونوں رہنماؤں نے غزہ کی موجودہ صورتحال، خطے میں امن کے امکانات اور فلسطینی عوام کو درپیش چیلنجز پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ یہ رابطہ ایسے وقت میں سامنے آیا جب ایران اور امریکا کے درمیان مذاکراتی عمل میں پیش رفت کی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں اور مختلف علاقائی فریق مستقبل کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ -------امریکی وزیرخارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز پر کوئی ملک ٹول یا فیس عائد نہیں کرسکتا، عالمی آبی راستے پر ٹیکس یا فیس لگانا بین الاقوامی قانون کے خلاف ہے۔ مارکو روبیو نے ابوظہبی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایران کو انقلابی تحریک کے بجائے بطور ریاست کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایران ریاست کے طور پر کام کرے تو بڑی ترقی کے مواقع ہیں، خطے میں جب تک ایرانی پراکسیز حملے کریں گے کشیدگی ختم نہیں ہوسکتی۔ امریکی وزیرخارجہ کا کہنا تھا کہ عراق سے میزائل اور ڈرون حملے علاقائی امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، عراق میں بھی حماس، حزب اللہ جیسے گروہ دہشتگردی میں ملوث ہیں۔ امریکا ایران بات چیت میں یہ موضوع بھی جلد زیر بحث آئے گا، ان کا مزید کہنا تھا کہ خطے کے تمام ممالک امریکا کے موقف سے اتفاق کرتے ہیں۔ -------بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے ڈائریکٹر جنرل رافیل گروسی نے کہا ہے کہ ایجنسی کے انسپکٹرز بالآخر ایران کی جوہری افزودگی کی تنصیبات کا معائنہ کریں گے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹوکیو میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے رافیل گروسی نے کہا کہ جائزہ کا عمل پرسوں، 1 ہفتے بعد یا 10 دن بعد، یہ اہم ضرور ہے لیکن فیصلہ کن نہیں، یہ معائنہ بہرحال ہوگا۔ خیال رہے کہ ایران کے جوہری پروگرام کی نگرانی اور بین الاقوامی معائنوں کے حوالے سے امریکی اور ایرانی حکام کے موقف میں نمایاں اختلاف پایا جاتا ہے۔

بقیہ 8

آزادی کی جدوجہد جاری رکھی ہوئی ہے اور انہوں نے پاکستان سے اپنی وابستگی اور محبت کے اظہار میں لاتعداد قربانیاں اور شہادتیں دی ہیں، کشمیری شناخت اور جدوجہد قربانی، ہجرت اور طویل مزاحمت کی تاریخ ہے، وہ لوگ آزادی کو مکمل طور پر نہیں سمجھ سکتے جنہوں نے اس کیلئے قربانیاں نہ دی ہوں، پاکستان اور کشمیر کے درمیان رشتہ مشترکہ جدوجہد اور باہمی عزم پر قائم ہے، اگر میں پاکستانی ہوکر پاکستان کی سالمیت کیخلاف بات کروں تو میں پاکستانی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کنٹرول لائن پر ہماری افواج پہرا دیتی ہیں جس میں چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے جوان شامل ہیں، ہم نے کشمیر کیلئے 5 جنگیں لڑیں اور صلے میں ہمیں گالیاں دی جاتی ہیں جو قابل قبول نہیں۔ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ پی پی پی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان ماضی میں ایک دوسرے سے اختلاف اور محاذ آرائی کی تاریخ رہی ہے، پھر دونوں جماعتوں نے احساس کیا کہ جمہوریت اور جمہوری روایات کو آگے بڑھانے کیلئے ہمیں ایک طریقہ کار اختیار کرنا چاہئے اور اسی جذبہ کے تحت میثاق جمہوریت پر دستخط کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ میں کسی کو ہدایت دیتا ہوں یا مطالبہ کرتا ہوں تو اس مطالبہ سے پہلے ہاتھوں کا صاف ہونا ضروری ہے، ماضی میں اس ایوان میں جب اپوزیشن کی حکومت تھی تو مراد سعید میزوں کے اوپر دوڑتے تھے، اس ایوان میں ان لوگوں نے کیا نہیں کیا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ماضی کو درست کرنا ضروری ہے، تمام جماعتوں کو چارٹر آف ڈیموکریسی پر دستخط کرنے چاہئیں اور اگر کوئی کمی ہے تو وہ بھی اس میں شامل کرکے اس پر عمل کرنا چاہئے مگر اس کے ساتھ ساتھ یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ ماضی میں کیا کیا نہیں ہوا، اس ایوان میں آدھے گھنٹے میں 56 قوانین منظور کئے گئے، سپیکر کی کرسی کو اسمبلی توڑنے کیلئے استعمال کیا گیا، انصاف و مساوات کا مطالبہ کرنے کیلئے ماضی کی غلطیوں کو درست کرنا ضروری ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کل جب ایوان میں آئے تو سب سے پہلے وہ لیڈر آف دی اپوزیشن کے پاس گئے، وزیر خزانہ بھی ان کے پاس گئے، جب بانی پی ٹی آئی وزیراعظم تھے تو یہ سوچا بھی نہیں جاسکتا تھا، ان کا کوئی بندہ اپوزیشن کے بنچوں پر نہیں آتا تھا کہ کہیں بانی پی ٹی آئی ناراض نہ ہو جائے، پارلیمانی نظام اور سیاست کو عمران خان نے جتنا نقصان پہنچایا 75 سالوں میں کسی نے نہیں پہنچایا، ان کی تابعداری میں ان کے اراکین نے بھی اس میں حصہ لیا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ محمود خان سے ان کا پرانا تعلق ہے، وہ اپوزیشن میں ان لوگوں کے درمیان عجیب وغریب لگتے ہیں کیونکہ ان لوگوں کی تو کوئی روایات ہی نہیں ہیں، ایک بندے کی خواہش پر کوئی جماعت نہیں چل سکتی، ان کی جماعت میں جمہوریت ہی نہیں ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ خطے میں تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے بلوچستان میں پائیدار امن ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجارتی راہداریوں، ٹرانزٹ ٹریڈ اور نقل وحمل کے مختلف منصوبوں سے نہ صرف ملکی معیشت کو فائدہ پہنچے گا بلکہ بلوچستان کے عوام کو بھی براہ راست مستفید ہوں گے جس سے صوبے میں ترقی اور استحکام کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان نے حالیہ عرصے کے دوران عالمی سطح پر مثبت سفارتی کردار ادا کیا ہے جس کے نتیجے میں ملک کی ساکھ میں نمایاں بہتری آئی ہے

بقیہ 9

برآمدی اشیا کی لوڈنگ اور کلیئرنس کی اجازت دیدی گئی ہے جبکہ تفتان لینڈ کسٹمز اسٹیشن کی حدود اور جغرافیائی کوآرڈینیٹس بھی جاری کردی گئی ہے۔ جاری ایس آر او 111 کے مطابق مذکورہ لینڈ کسٹمز اسٹیشن درآمدی اور برآمدی اشیا یا کسی مخصوص درجے کی اشیا کی لوڈنگ، ان لوڈنگ اور کسٹمز کلیئرنس کے مقاصد کے لیے استعمال ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اس لینڈ کسٹمز اسٹیشن کی شمالی حدود کسٹم ہاؤس، پاکستان ہاؤس اور ایف سی آفس تک واقع ہیں جن کے کوآرڈینیٹس 28.974316 ڈگری شمالی عرض البلد اور 61.557026 ڈگری مشرقی طول البلد ہیں جنوبی جانب حدود ایف سی ہیڈکوارٹر اور ایران سرحد تک محیط ہیں، جن کے کوآرڈینیٹس 28.972258 ڈگری شمالی عرض البلد اور 61.554341 ڈگری مشرقی طول البلد ہیں۔ اعلامئے کے مطابق مغربی جانب ایران سرحد واقع ہے جس کے کوآرڈینیٹس 28.974482 ڈگری شمالی عرض البلد اور 61.551901 ڈگری مشرقی طول البلد ہیں جبکہ مشرقی جانب سولین / ریلوے کالونی واقع ہے، جس کے کوآرڈینیٹس 28.972418 ڈگری شمالی عرض البلد اور 61.558779 ڈگری مشرقی طول البلد مقرر کیے گئے ہیں۔

TENDER NOTICE

TSE-2526061108053 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Building), Sariab CW, PP&H Department, District Quetta invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Establishment of ICUS as per IPC Protocol at SKBZ and UPGRADATION OF Central Sterile Suply Department (CSSD) at BMCH & SBKZ. Z2025.1397 UPGRADATION WORK SKBZ QUETTA.	40,764,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 28,534,800 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE09 , CE09(i) (Sewerage Works), CE09(ii) (Water Supply), CE10(i) (General Civil Engineering Works) , CE10(iii) (Concrete Repairs), CE10(vii) (General Buildings and Maintenance), CE11(i) (General engineering Works only). Tender Rs.1500/- deposit in the Account C-02716 in NBP or Government treasury inshape of Green Challan (non-refundable) in favor of the undersigned Bid Security of 2% of the Estimated Cost in shape of Deposit at call, Bank Guarantee by a scheduled Bank in Pakistan Power of Attorney on Rs. I 00 Stamp Paper authorizing a person tosubmitthe Bid. The Bid must accompany a power of Attorney issuedbyauthorized representative of the company having the name and CNIC No. of the person **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 14 July, 2026till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: Executive Engineer Building Sariab, CW, PP&H Department Quetta
Phone no: 0819213555 Email: xen.p2qta@gmail.com

Executive Engineer (Building), Sariab CW, PP&H Department, District Quetta

PRQ No.5660/24-06-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 10

رہنماؤں کے درمیان نہایت گرمجوشی اور خیرسگالی پر مبنی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر گورنر تبوک نے امریکہ اور ایران کے درمیان اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے حصول میں پاکستان کی غیرمعمولی سفارتی کوششوں پر وزیراعظم کو مبارکباد پیش کی۔ وزیراعظم نے گورنر تبوک کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی امن کوششوں کا مقصد خطے میں امن واستحکام کا فروغ ہے، جس میں سعودی عرب سمیت برادر ممالک کی حمایت نہایت اہم رہی ہے۔ پاکستان اور مملکت سعودی عرب کے درمیان تاریخی برادرانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعظم نے ولی عہد و وزیراعظم مملکت سعودی عرب، شہزادہ محمد بن سلمان کی پاکستان سے محبت اور خیرسگالی پر دلی تشکر کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے گورنر تبوک کو پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت بھی دی۔

بقیہ 11

خدشات کم ہوگئے کہ مشرقِ وسطیٰ میں جاری کشیدگی تیل کی سپلائی کو متاثر کرے گی۔ مارکیٹ اعداد وشمار کے مطابق بدھ کی دوپہر تک برینٹ کروڈ آئل کی قیمت 79 سینٹ یا 1.02 فیصد کمی کے بعد 76.29 ڈالر فی بیرل تک آ گئی۔ اسی طرح امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل کی قیمت 80 سینٹ یا 1.09 فیصد کمی کے ساتھ 72.41 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گئی۔ ماہرین کے مطابق حالیہ کمی کی بنیادی وجہ ایران اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کے بعد پیدا ہونے والی نسبتاً مثبت فضا ہے۔ سرمایہ کاروں کا خیال ہے کہ اگر جنگ بندی برقرار رہی تو آبنائے ہرمز کے ذریعے تیل کی ترسیل معمول کے مطابق جاری رہے گی اور عالمی سپلائی متاثر نہیں ہوگی۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے، جہاں سے عالمی سطح پر خام تیل کی بڑی مقدار گزرتی ہے۔ مشرقِ وسطیٰ میں کشیدگی بڑھنے کی صورت میں اس راستے کی بندش یا رکاوٹ کا خدشہ تیل کی قیمتوں میں فوری اضافہ کر دیتا ہے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا تھا کہ اگرچہ خطے میں جغرافیائی سیاسی کشیدگی مکمل طور پر ختم نہیں ہوئی، تاہم حالیہ سفارتی پیش رفت اور جنگ بندی کی خبروں نے مارکیٹ کو وقتی طور پر اعتماد دیا ہے۔ دوسری جانب توانائی کے شعبے سے وابستہ دیگر عالمی اشاریئے بھی دباؤ کا شکار رہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سرمایہ کار فی الحال سپلائی کے حوالے سے نسبتاً مطمئن ہیں۔ معاشی ماہرین کے مطابق آنے والے دنوں میں تیل کی قیمتوں کا انحصار ایران امریکا مذاکرات، اسرائیل ایران جنگ بندی کی صورتحال اور آبنائے ہرمز میں بحری نقل وحمل کے تسلسل پر ہوگا۔

بقیہ 12

خان سے ملاقات کیلئے جیل سپرنٹنڈنٹ کو دوبارہ درخواست دینے کا محسن نقوی کا پیغام مسترد کرتے ہیں، ہم درخواست کیوں دیں؟ ہمارے پاس ہائی کورٹ کا آرڈر موجود ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بیرسٹر گوہر نے بہن نورین خان کی بھائی سے ملاقات کیلئے محسن نقوی کا پیغام دیا، محسن نقوی نے کہا بہن نورین خان سپرنٹنڈنٹ جیل کو ملاقات کی نئی درخواست دیں، ایسا کرنا شیطانی تھی ہمارے پاس ہائی کورٹ فل بینچ کا متفقہ بڑا فیصلہ موجود ہے، سپرنٹنڈنٹ جیل چھوٹا آفیسر ہے جو اسلام آباد ہائی کورٹ فل بینچ کے فیصلے کے سامنے کچھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس درخواست کے بعد مختصری نورین خان سے ملاقات کراکے بانی کو طویل قید تنہائی ڈالنا مقصد تھا، ہمارے ایکسپرٹ وکلا نے یہ سارا کھیل ہمیں سمجھا دیا، نورین خان سے بھائی کی مختصر ملاقات سے ہمارا دعا ختم ہوجاتا جب کہ جیل مینوئل موجود ہے۔ جس کے تحت بانی چیئرمین فیملی سے آئینی ملاقاتیں کر سکتے ہیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ ہائی کورٹ فل بینچ نے 6 فیملی ممبرز، 6 وکلا اور 6 دوستوں سمیت کل 18 افراد کو ہفتہ وار ملاقات کی اجازت دی، محسن نقوی کوئی پیشکش کریں اور ہم شک نہ کریں یہ نہیں ہوسکتا محسن نقوی کی سپرنٹنڈنٹ جیل کو ایک بہن کی ملاقات کے لیے نئی درخواست کی پیشکش کو مسترد کرتے ہیں۔

بقیہ 13

(آج) کا مارچ ختم کرتا ہے۔ قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ میں نے عوامی ایکشن کمیٹی کے خط کا ویڈیو جواب دیا ہے اور حکومت کو بھی آگاہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی طرف سے تقریروں کی بنیاد پر ایکشن لیا جانا کیسے درست ردعمل ہے؟ کل تک ہم مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی باتیں کرتے تھے اور آج ہم کیا کر رہے ہیں۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ خواجہ آصف نے جو باتیں کی ہیں وہ ردعمل بطور وزیر دفاع نہیں کرنی چاہئے تھیں، آپ نے لڑائی خواجہ آصف اور صلح اسحاق ڈار کے حوالے کر رکھی ہے۔ عالمی سطح پر عالمی امن سے حکومت نیک نامی کمارہی ہے تو پاکستان میں نیک نامی گنوا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواجہ آصف جیسے بیانات اشتعال کو بڑھائیں گے، اپوزیشن کو مجبور نہ کریں، ہم نے چارسدہ میں لاکھوں کا اجتماع کیا، حکومتی پارٹی ایسے جلسے کرکے دکھادے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ پاکستان کی فوج کو سرحدوں میں ہونا چاہیے لیکن اسے ملک کے اندر استعمال کیا جا رہا ہے، ہم اسٹیبلشمنٹ اور تمام اداروں کا احترام کرتے ہیں، اگر وہ انتخابات میں نتائج تبدیل کرتے ہیں تو پھر ہم جواب دیں گے، اگر وہ سیاست کریں گے تو ہم سیاست میں جواب دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم گونگے نہیں ہیں اور گونگے شیطان نہیں بنیں گے، ہم خاموش نہیں رہیں گے ہم بات کریں گے۔ اگر ادارے ٹیکس کے پیسے لیکر اس کا سیاسی استعمال کریں گے تو پھر اس ایوان میں جواب دیں گے۔ امیر جے یو آئی نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف بتائیں گے کہ جب ہم کنٹینر پر ہوتے تھے تو کیا وہ آرمی چیف اور فوج کا نام نہیں لیتے تھے، کیا ان کے ساتھ اسٹیج سے فوج کو محکمہ زراعت نہیں کہا جاتا تھا۔

بقیہ 14

ماہ کی کم ترین سطح پر پہنچ گئی۔ عالمی جریدے بلوم برگ کے اعداد وشمار کے مطابق خام تیل برینٹ کروڈ 74.80 ڈالر فی بیرل پر ٹریڈ کرتا رہا جو بعد میں مزید گر کر تقریباً 73.8 ڈالر فی بیرل تک بھی پہنچ گیا۔ یہ پہلا موقع ہے کہ برینٹ کروڈ کی قیمت 75 ڈالر فی بیرل سے نیچے آئی ہے جو فروری کے آخر میں امریکا اور اسرائیل کی ایران کے ساتھ کشیدگی شروع ہونے سے پہلے کی سطح کے قریب ہے۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں تیزی سے کمی کی وجہ امریکا ایران معاہدے کے بعد آبنائے ہرمز سے تیل بردار جہازوں کی آمد ورفت معمول پر آنا ہے۔ علاوہ ازیں امریکا کی جانب سے 60 روز کے لیے پابندیاں نرم کرنے کے بعد ایرانی خام تیل کی برآمدات میں ممکنہ اضافے سے بھی عالمی منڈی میں رسد بڑھنے کا امکان ہے۔ ایک اور بڑی وجہ خلیجی ممالک کی جانب سے تیل کی فراہمی میں اضافے اور بعض کارگو رعایتی نرخوں پر فروخت ہونا ہے۔ ان تمام پیشرفتوں کے بعد سرمایہ کاروں نے تیل کی قیمتوں میں شامل اضافی جیوپولیٹیکل رسک پریمیم نکالنا شروع کر دیا ہے۔ جس سے قیمتوں میں مزید تیزی سے کمی آئی۔

بقیہ 16

آراستہ، فکری طور پر مضبوط افرادی قوت کی تیاری کے متقاضی ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے پاکستان نیوی وار کالج لاہور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے 55 ویں پاکستان نیوی اسٹاف کورس کے شرکا سے خطاب کیا۔ نیول چیف نے اپنے خطاب میں جدید جنگی ماحول کی بدلتی ہوئی نوعیت اور سمندری سلامتی کو درپیش ابھرتے ہوئے چیلنجز پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ روایتی اور غیر روایتی خطرات سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لئے حکمت عملیوں کو نئے تقاضوں کے مطابق ڈھالنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایڈمرل نوید اشرف نے پاک بحریہ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ادارہ جدیدیت، مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کے فروغ اور تینوں مسلح افواج کے درمیان مشترکہ تعاون کے فروغ کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کورس کے شرکا پر زور دیا کہ وہ اپنی اسٹریٹجک بصیرت اور آپریشنل صلاحیتوں کو مزید بہتر بنائیں تاکہ مستقبل کے چیلنجز کا مؤثر انداز میں مقابلہ کیا جا سکے۔ سمندری سلامتی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے نیول چیف نے کہا کہ بحر ہند کا خطہ تیزی سے بدلتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی صورتحال اور بڑی طاقتوں کے درمیان بڑھتی ہوئی رقابت کے باعث ایک حساس اور مسابقتی خطہ بن چکا ہے، جس کے اثرات علاقائی سلامتی کے ماحول پر مرتب ہو رہے ہیں۔ اپنے اختتامی کلمات میں ایڈمرل نوید اشرف نے 55 ویں پاکستان نیوی اسٹاف کورس کے شرکا کو کورس کی کامیاب تکمیل پر مبارکباد دی اور انہیں پیشہ ورانہ مہارت، تجزیاتی صلاحیتوں اور جدت پسندی کو اپنی آئندہ ذمہ داریوں کا محور بنانے کی تلقین کی۔

بقیہ 17

گاہ سے بھی منظور ہو چکی ہے۔ واضح رہے کہ امریکی سینیٹ میں ری پبلکنز کو اکثریت حاصل ہے۔

بقیہ 18

ٹیموں کے ساتھ رابطے میں رہیں گی، پاکستانیوں کی بازیابی کے لیے صومالیہ کے حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں، پاکستان ایرانی، امریکی اور برطانوی حکام کے ساتھ بھی رابطے میں ہے۔ ہفتہ وار نیوز بریفنگ میں انہوں نے کہا کہ ایرانی صدر نے گزشتہ روز پاکستان کا ایک روزہ دورہ کیا، مسعود پزشکیان نے وزیراعظم شہباز شریف کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کیا، انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف اور صدرِ مملکت آصف علی زرداری سے ملاقاتیں کیں، وزیراعظم سے ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے تعلقات مضبوط بنانے کا عزم کیا۔ انہوں نے کہا کہ 21 جون کو برگن اسٹاک میں ایران امریکا مذاکرات کا دوسرا دور ہوا، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے پاکستان کی نمائندگی کی، دوسرے مرحلے کیلئے 3 مخصوص تکنیکی ورکنگ گروپس بنائے گئے ہیں، پہلا گروپ نیوکلیئر پروگرام سے متعلق معاملات کو دیکھ رہا ہے، دوسرا گروپ پابندیوں اور منجمد اثاثوں کے امور کا جائزہ لے رہا ہے، تیسرا گروپ لبنان کی صورت حال پر کام کر رہا ہے، پاکستان اور قطر کی تکنیکی ٹیمیں امریکا اور ایران کی تکنیکی ٹیموں کے ساتھ رابطے میں رہیں گی۔ طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ مختلف ملکوں نے خطے میں قیام امن کے کردار پر پاکستان کی تعریف کی ہے، پاکستان علاقائی امن کے لیے اپنے تعمیری کردار پر عالمی برادری کی ستائش کا خیر مقدم کرتا ہے، ثالثی اور امن کوششوں میں پاکستانی میڈیا نے بھی ذمے دارانہ کردار ادا کیا۔ انہوں نے بریفنگ میں بتایا کہ 21 جون کو پاکستان، مصر، سعودی عرب اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ کا اجلاس ہوا جس میں اسلام آباد ایم او یو اور برگن اسٹاک مذاکرات پر تبادلہ خیال کیا گیا، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے سعودی عرب، اٹلی، کینیڈا، بحرین، ایران سمیت مختلف وزرائے خارجہ سے بات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ صومالیہ کوسٹ پر پاکستانیوں کو یرغمال بنایا گیا، پاکستانیوں کی بازیابی کیلئے صومالیہ کے حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں، پاکستان ایرانی، امریکی اور برطانوی حکام کے ساتھ بھی رابطے میں ہے تاکہ ایرانی شہریوں کی محفوظ واپسی یقینی بنائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ڈنمارک کی مشترکہ کاوش سے سلامتی کونسل نے امن دستوں کے خلاف جرائم کو جوابدہی مضبوط بنانے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی، قرارداد کو اقوام متحدہ کے 153 رکن ممالک کی حمایت حاصل رہی، اس میں امن دستوں پر حملوں کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے مؤثر تحقیقات، مقدمات، مجرموں کے احتساب کا مطالبہ کیا گیا ہے، قرارداد کے تحت اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل سالانہ پیش رفت رپورٹ پیش کریں گے، اس معاملے کے لیے ایک سینئر فوکل پوائنٹ بھی مقرر کیا جائے گا، یہ قرارداد امن دستوں کی سلامتی اور امن مشنز کی معتبریت بڑھانے میں پاکستان کے قائدانہ کردار کی عکاسی کرتی ہے۔

بقیہ 19

گروپ آرگنائزرز کو عراقی ویزا قوانین پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ نئی ہدایات کے مطابق فیملی ویزا پر اکیلے سفر کرنے والے افراد کو عراق میں داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی جبکہ 50 سال سے کم عمر اکیلے مرد زائرین کے عراق میں داخلے پر بھی پابندی عائد ہوگی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ویزا مسترد ہونے یا عراق میں داخلے کی اجازت نہ ملنے کی صورت میں ویزا فیس واپس نہیں کی جائیگی، اسی طرح عاشورہ اور اربعین کے لیے ایک ہی ویزا استعمال نہیں کیا جاسکے گا۔ عراقی حکام کے مطابق ویزا صرف 30 دن کے لیے کارآمد ہوگا جبکہ مقررہ مدت سے زائد قیام کی صورت میں جرمانہ، ملک بدری اور تاحیات عراق میں داخلے پر پابندی عائد کی جا سکتی ہے۔ اعلامیے کے مطابق پاکستانی زائرین کے پاسپورٹ عراق پہنچنے پر عراقی امیگریشن حکام کی تحویل میں رہیں گے۔

بقیہ 20

فضائی حدود میں پروازیں چلانے سے گریز کریں، تاہم خلیجی اور مشرق وسطیٰ کے کئی دیگر ممالک میں پروازوں کے دوران بھی خصوصی احتیاط برتی جائے۔ ایجنسی کی جانب سے جاری کردہ ہدایت میں کہا گیا کہ اگرچہ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے لیے طے پانے والی 60 روزہ مفاہمتی یادداشت کے بعد خطے کی سیکیورٹی صورتحال میں کچھ بہتری آئی ہے، تاہم کشیدگی مکمل طور پر ختم نہیں ہوئی اور کسی بھی وقت حالات دوبارہ خراب ہونے کا خدشہ موجود ہے۔ ای اے ایس اے نے متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، عمان، قطر، بحرین، کویت، اردن اور اسرائیل کے فضائی آپریٹرز کے حوالے سے بھی ایئرلائنز کو محتاط رہنے کی ہدایت کی ہے۔ ایجنسی کے مطابق خطے میں جنگ بندی کی خلاف ورزیوں کا امکان اب بھی موجود ہے، خصوصاً آبنائے ہرمز کے اطراف کسی بھی اچانک کشیدگی کے باعث فضائی اور بحری نقل وحمل متاثر ہوسکتی ہے۔ یورپی ادارے نے فضائی کمپنیوں پر زور دیا کہ وہ مسلسل سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیں، خطرات کا تازہ تجزیہ تیار رکھیں اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے متبادل منصوبے بھی تیار رکھیں۔ ماہرین کے مطابق مشرق وسطیٰ میں حالیہ سفارتی پیش رفت کے باوجود علاقائی صورتحال ابھی مکمل طور پر مستحکم نہیں ہوئی، جس کے باعث بین الاقوامی فضائی ادارے احتیاطی تدابیر برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ ایوی ایشن ماہرین نے کہا ہے کہ فضائی حدود سے متعلق ایسی ہدایات عالمی مسافروں، ایئرلائنز اور کارگو آپریٹرز کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے جاری کی جاتی ہیں اور ان کا مقصد ممکنہ خطرات سے قبل تیاری کرنا ہوتا ہے۔

بقیہ 21

حمید حسین سمیت پہلی صف میں بیٹھے اپوزیشن اراکین سے مصافحہ کیا۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمن سے کچھ دیر گفتگو بھی کی۔ بلاول بھٹوزرداری نے بھی وزیراعظم سے ان کی نشست پر جاکر مصافحہ کیا۔ بعدازاں انہوں نے ایوان میں مولانا فضل الرحمن کی جانب سے اٹھائے گئے بعض نکات کے جواب میں کہا کہ مولانا فضل الرحمن سے ان کے بہترین تعلقات ہیں اور ان سے احترام کا رشتہ ہے۔ ان کی تقریر میں نے سنی ہے۔ میری اکثر مولانا فضل الرحمن سے ملاقات رہتی ہے۔ ان کے اور میرے درمیان تخلیہ میں جو باتیں ہوئی ہیں وہ قیامت تک راز ہیں اور قبر میں میرے ساتھ جائیں گی۔ بعد ازاں مولانا فضل الرحمن نے مسکراتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے جس محبت کا اظہار کیا ہے میں اس کا خیرمقدم کرتا ہوں، اگر وہ تنہائی میں ہونے والی باتوں کو پبلک کردیں تو وہ ناراض نہیں ہوں گے، جس پر وزیراعظم نے کہا کہ وہ مولانا فضل الرحمن کی پیشکش کو ان کی فراخ دلی کی بنیاد پر قبول نہیں کریں گے کیونکہ اس سے معاملات دور تک چلے جائیں گے۔

بقیہ 22

تجارتی امکانات کو عملی شکل دینے کے لیے ریگولیٹری اور ادارہ جاتی فریم ورک تیار کیا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے وزارت پیٹرولیم اور حکومت بلوچستان کے نمائندوں پر مشتمل ایک مشترکہ ورکنگ گروپ تشکیل دے دیا گیا ہے جو جولائی 2026 کے اختتام تک جامع تجاویز اور سفارشات پر مشتمل فریم ورک مرتب کرے گا۔ اجلاس میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ سوئی اور دیگر متعلقہ علاقوں میں دستیاب لو بی ٹی یو گیس کو سستی بجلی کی پیداوار، فرٹیلائزر صنعت اور دیگر تجارتی سرگرمیوں کے لیے قابل استعمال بنایا جائے تاکہ صوبے میں صنعتی اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکے۔ وزارت پیٹرولیم نے اس سلسلے میں اوگرا فیلڈ ڈویلپمنٹ اور اوگرا ٹرانسپورٹ لائسنس کے اجرا کے حوالے سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے حکومت بلوچستان کو تھرڈ پارٹی کمپنی کے ذریعے ایکویٹی حاصل کرنے کی پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان جو بھی فیصلہ کرے گی، وزارت پیٹرولیم اس کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کا حقیقی فائدہ مقامی آبادی تک پہنچانا وفاقی حکومت کی اولین ترجیح ہے اجلاس میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی (CSR) فنڈز کو مقامی آبادی کی فلاح و بہبود، سماجی ترقی اور عوامی مفاد کے منصوبوں پر خرچ کیا جائے گا تاکہ وسائل کے ثمرات براہِ راست عوام تک پہنچ سکیں وفاقی وزیر پیٹرولیم نے کلچاس ڈرلنگ اور زنک ہیڈ منصوبے کو فعال بنانے کے لیے متعلقہ اداروں کو فوری اقدامات کی ہدایت بھی جاری کی تاکہ ان منصوبوں سے وابستہ معاشی اور صنعتی فوائد جلد از جلد حاصل کیے جاسکیں اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ لو بی ٹی یو گیس کو قابل استعمال بنا کر بلوچستان کی معاشی ترقی، صنعتی خوشحالی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سوئی سمیت ایسٹ اور ویسٹ ڈیرہ بگٹی میں لو بی ٹی یو گیس کے استعمال سے صنعتی ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا جس سے نہ صرف مقامی معیشت مستحکم ہوگی بلکہ سرمایہ کاری کے نئے دروازے بھی کھلیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والے ثمرات سب سے پہلے مقامی آبادی تک پہنچنا چاہیے اور یہ وفاق اور صوبے دونوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان وسائل کی مؤثر مونیٹائزیشن کے ذریعے صوبے کی معاشی خودمختاری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے سوئی میں لو بی ٹی یو گیس کو مونیٹائز کرکے مقامی آبادی کے معیار زندگی کو بہتر بنا کر پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے اس یقین کا اظہار کیا کہ وفاق اور صوبائی حکومت کے درمیان مؤثر تعاون کے نتیجے میں بلوچستان میں صنعتی، اقتصادی اور سماجی ترقی کی رفتار مزید تیز ہوگی انہوں نے کہا کہ ریاستِ پاکستان اور بلوچستان کے عوام کے وسیع تر مفاد میں تمام اجتماعی ترقیاتی منصوبوں کی مکمل حمایت کی جائے گی تاکہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی کے نئے اہداف حاصل کیے جا سکیں۔ اجلاس میں وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک اور ان کی ٹیم نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ پارلیمانی سیکرٹری توانائی بلوچستان میر اصغر رند، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ، سیکرٹری انرجی اسفندیار کاکڑ، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، سمیت متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 23

پر آئین کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا ہے، مجھے بتایا جائے کہ میں نے کس طرح آئین کی خلاف ورزی کی ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں قائد حزب اختلاف کی تقریر کے بعد سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ وہ خود درویش صفت انسان ہیں، میں نے 1998 میں پاکستان تحریک انصاف سے استعفیٰ دیا تھا اور ایک خط بھی لکھا تھا جو آج بھی میرے پاس ہے، اس خط میں پارٹی چھوڑنے کی ساری وجوہات بتائیں۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ انہوں نے کیم فروری 2001 کو اس وقت پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اختیار کی جب پارٹی اپوزیشن میں تھی۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ کل قائد حزب اختلاف نے اپنی تقریر میں مجھے حوالدار کہا تو میں نے ازراہ تفنن بتایا کہ میں دو طرح کے حوالداروں کو جانتا ہوں، ایک حوالدار وہ جو سرحدوں پر فرائض سرانجام دیتا ہے اور دوسرا حوالدار جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی کرتا ہے ان میں سے میں کونسا حوالدار ہوں۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ قانون کہتا ہے کہ آپ سپیکر کے خلاف بات نہیں کر سکتے، قائد حزب اختلاف نے مجھ پر آئین کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا ہے، مجھے بتایا جائے کہ میں نے کس طرح آئین کی خلاف ورزی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عہدہ یا ایم این اے شپ تاحیات نہیں ہوتی۔ عزت کے رشتے رہنے چاہئیں کیونکہ ہماری ذاتی لڑائی نہیں، میں نے کبھی بھی دل آزاری کی بات نہیں کی، گناہ گار ہوں اور خطائیں کرتا ہوں مگر کوشش کرتا ہوں کہ اپوزیشن کے لوگوں کو موقع دوں اور انہیں زیادہ وقت دیا جائے۔ کوٹی کی تحاریک پر اپوزیشن کے 25،25 لوگوں کو موقع دیا گیا مگر باہر جا کر وہ بتا رہے ہیں کہ سپیکر ہمیں بولنے کا موقع نہیں دے رہے۔

بقیہ 24

میں دہشت گردوں کے خلاف ڈسٹرکٹ پولیس، ایلیٹ فورس اور سی ٹی ڈی نے آپریشن کیا۔ حکام کے مطابق دہشت گرد پولیس چیک پوسٹ پر حملے اور پولیس اہلکار کو قتل کرنے سمیت دیگر کئی وارداتوں میں ملوث تھے، ہلاک دہشت گردوں میں خلیل الرحمان، نعیم الدین کفایت اللہ شامل ہیں۔ سی ٹی ڈی کے مطابق دہشت گردوں کے قبضے سے 6 کلاشنکوف، 3 دستی بم برآمد ہوئے ہیں، فرار ساتھیوں کی تلاش کیلئے آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔ آئی جی کے مطابق صوبے سے دہشت گردی کے خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا۔ دریں اثناء وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے لوئر دیر کے علاقے میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سی ٹی ڈی خیبر پختونخوا اور پولیس کی ستائش کی۔ انہوں نے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سی ٹی ڈی اور پولیس کی پیشہ وارانہ مہارت کو سراہا۔ محسن نقوی نے کہا کہ سی ٹی ڈی خیبر پختونخوا اور پولیس کے بہادر سپوتوں نے خوارجیوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا، قوم کو سی ٹی ڈی اور پولیس کے بہادر جوانوں پر فخر ہے۔

بقیہ 25

نہیں دیا۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوامی ایکشن کمیٹی کا باضابطہ خط موصول ہوا، حکومت کو وہ خط بھجوایا ہے، جس سے اب تک جواب نہیں ملا۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ لوگ بڑی تعداد میں راولاکوٹ میں موجود ہیں، بات چیت ہونی چاہیے، چارٹر آف ڈیمانڈ کو دیکھنا چاہیے، مظاہرین کی تقریر کی بنیاد پر تشدد نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی ایکشن کمیٹی کے اس اقدام کا خیرمقدم کرتا ہوں کہ انہوں نے مظفر آباد کی طرف کل کا مارچ موخر کیا ہے۔ جے یو آئی کے سربراہ نے کہا کہ خواجہ آصف نے جو باتیں کی ہیں وہ ردعمل بطور وزیر دفاع نہیں کرنی چاہیے تھیں، آپ نے لڑائی خواجہ آصف اور صلح اسحاق ڈار کے سپرد کر رکھی ہے، خواجہ آصف جیسے بیانات اشتعال کو بڑھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو مجبور نہ کریں، ہم نے چارسدہ میں لاکھوں کا اجتماع کیا، حکومتی پارٹی ایسے جلسے کرکے دکھادے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ ایوان میں بہت سی جذباتی باتیں ہوئی ہیں، یہ وقت تحمل و برداشت کا ہے، حکومت کا ردعمل جذباتی ہوتا ہے تو یہ حکومت کا مقام نہیں ہوتا۔

بقیہ 26

کو مضبوط بنانے کیلئے قانون کی حکمرانی ناگزیر ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں نکتہ اعتراض پر انہوں نے کہا کہ ہمارا ہمیشہ سے یہ موقف رہا ہے کہ ایوان مضبوط ہوں اور جمہوریت کو پنپنے کا موقع ملے، ہماری جماعت ایک جمہوری جماعت ہے، اور ہمارا یقین ہے کہ یہ ایوان عوام کی حقیقی حمایت سے وجود میں آنا چاہیے۔ کمزور ادارے کبھی مضبوط نظام کی بنیادیں قائم نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کبھی بھی سپیکر کی کرسی کو کمزور کرنے کی کوشش نہیں کی۔ عمر ایوب خان نے ایک قرارداد پیش کی تھی، جس کے نتیجے میں خورشید شاہ کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی۔ اس کمیٹی کی سفارشات پر عمل درآمد نہیں ہوسکا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایوان اور اداروں کو مضبوط کرنا ہے تو ملک میں قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانا ہوگا۔ بیرسٹر گوہر خان نے کہا کہ کشمیر کے حوالے سے ہمارا موقف بالکل واضح ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے۔ ایکشن کمیٹی عوامی محرومیوں کی بنیاد پر قائم ہوئی ہے، اور ہم چاہتے ہیں کہ اس کے مطالبات کو تسلیم کیا جائے کیونکہ ملک کو اس وقت یکجہتی، استحکام اور سیاسی ہم آہنگی کی ضرورت ہے۔

بقیہ 27

۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان کے معدنی شعبے سے بڑی خوشخبری آ گئی۔ 22 سال قبل ہونے والا معاہدہ رنگ لے آیا۔ بلوچستان میں کان کنی پراجیکٹ سے بیرٹ سیسہ اور جست کی پیداوار شروع ہوگئی۔ پی پی ایل کے مطابق بیرٹ، سیسہ اور جست کی بڑے پیمانے پر پیداوار اور ایکسپورٹ ہوگی، پی پی ایل نے معدنیات کی تلاش کیلئے 2004 میں لیز حاصل کی تھی۔ پی پی ایل نے اہم پیشرفت سے اسٹاک ایکسچینج اور حکومت کو آگاہ کردیا۔ اعلامیے کے مطابق نومبر 2025 میں معاہدے میں بلوچستان حکومت کو بیرٹ پراجیکٹ میں حصہ دار بنایا گیا، جرمنی کی ڈی ایم ٹی کمپنی کو پراجیکٹ کی مینجمنٹ اور کنسلٹنسی کی ذمہ داری دی گئی۔ پی پی ایل کے مطابق علاقے میں بیرٹ، سیسہ اور جست کے بڑے ذخائر ہیں، پراجیکٹ سے بلوچستان کے علاقے خضدار اور لونکڑی میں بڑے پیمانے پر ترقی ہوگی۔

بقیہ 28

نج بی بی، سسر یاسین خان اور ساس مدیحہ بی بی کو قتل کردیا اور موقع واردات سے فرار ہوگیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور تینوں لاشوں کو تحویل میں لے کر نیچنگ ہسپتال پہنچا دیا۔ پولیس انتظامیہ نے واقعے کے بعد پورے علاقے کی سخت ناکہ بندی کرکے فرار ملزم کی تلاش اور مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے، تاہم اب تک قتل کی اصل وجہ معلوم نہیں ہوسکی ہے۔

بقیہ 29

ہیڈ کوارٹر راولپنڈی میں فیلڈ مارشل عاصم منیر سے لیبیا کی مسلح افواج کے نائب کمانڈ کی ملاقات ہوئی۔ جی ایچ کیو آمد پر معزز مہمان کو تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی کی صورتحال، دفاعی تعاون اور دونوں ممالک کی افواج کے درمیان عسکری روابط کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں جانب سے دوطرفہ دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور پیشہ ورانہ عسکری تربیت و سلامتی کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ پاکستان اور لیبیا نے دفاعی تعلقات مزید مضبوط بنانے اور فوجی تربیت میں تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر لیبیا کی عرب مسلح افواج کے نائب کمانڈر انچیف لیفٹیننٹ جنرل صدام خلیفہ نے پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے خطے میں امن وسلامتی کے قیام کے لیے ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 30

محمد شاہ نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق اراکین قومی اسمبلی نے مالی سال 2026-2027 کا عوام دوست بجٹ پیش کرنے اور خطے میں امن قائم کرنے کے لیے پاکستان کے موثر سفارتی کردار پر وزیراعظم کو خراج تحسین پیش کیا۔ ملاقاتوں میں متعلقہ حلقوں کے امور پر بات چیت کی گئی جبکہ ملک کی مجموعی وسیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر برائے پبلک افیئر زیونٹ رانا مبشر اقبال اور وزیراعظم کے معاون خصوصی طلحہ برکی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 31

پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کو پاکستان مسلم لیگ (ن) کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ، صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، نور محمد دمڑ، پارلیمانی سیکرٹریز حاجی برکت رند، نوابزادہ زرین مگسی، اراکین قومی اسمبلی سردار یعقوب خان ناصر، میاں خان بگٹی پر مشتمل پارلیمانی وفد نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پارٹی کی تنظیم کاری، حکومتی اور سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اراکین نے اسپیکر قومی اسمبلی کو مختلف امور کے حوالے سے آگاہ کیا۔

بقیہ 32

پاکستان واحد ملک تھا جس نے سب سے پہلے ایران پر حملے کی مذمت کی، پاکستان نے کشیدگی میں کمی کے لیے متحرک کردار ادا کیا، وزیراعظم بھی اپنے ہم منصبوں سے رابطے میں رہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان کی کوششوں سے عارضی جنگ بندی ممکن ہوئی، 47 سال بعد ایران امریکا براہ راست مذاکرات ہوئے، پاکستان نے امریکا ایران کے درمیان بطور ثالث کا کردار ادا کیا، ہماری کوشش تھی کہ اسلام آباد میں ہی معاملات طے پا جائیں۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ 28 فروری کے بعد 52 ممالک کے ہم منصبوں سے رابطے کیے، پاکستان کو دنیا بھر میں آج پیس میکر ملک قرار دیا جارہا ہے، جنگ بندی کے بعد سے تیل کی قیمتیں تیزی سے گر رہی ہیں، جب آبنائے ہرمز کو بند کیا گیا تو حکومت نے ٹرانسپورٹ کے شعبے کو سبسڈی دی تھی۔

بقیہ 33

66 مطالبات زر کے لیے الگ الگ تحاریک پیش کیے، صوبائی وزیر قانون وخزانہ نے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ترمیم کے لیے بھی تحریک پیش کی۔ صوبائی اسمبلی نے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ترامیم کی بھی منظوری دے دی، جس میں ایوان کے لیے مطالبات زر کی مد میں 62 کروڑ 79 لاکھ کی منظوری بھی شامل ہے۔ محکمہ خزانہ کیلئے 14 ارب 73 کروڑ، محکمہ داخلہ کے لیے 4 ارب 56 کروڑ سے زائد، پولیس کے لیے ایک کھرب 38 ارب، اعلیٰ تعلیم کیلئے 52 ارب 46 کروڑ 10 لاکھ روپے اور صحت کے لیے مطالبات زر کی مد میں دو کھرب 62 ارب 62 کروڑ روپے کی منظوری دے دی گئی۔ خیبر پختونخوا کے محکمہ مواصلات کیلئے 7 ارب 77 کروڑ روپے، آب پاشی کیلئے 11 ارب 27 کروڑ روپے، محکمہ معدنی ترقی کیلئے دو ارب 27 کروڑ اور بہبود آبادی کے لیے ایک ارب 24 کروڑ روپے کی منظوری دی گئی۔

بقیہ 34

خدمت، محنت اور دیانت کا یہی جذبہ قوموں کو عظیم بناتا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی جانب سے بدھ کو جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزارت مذہبی امور اور نجی شعبے سے تعلق رکھنے والے حج 2026 کے منتظمین نے ملاقات کی اور انہیں بریفنگ دی۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ نجی شعبے کے تین پاکستانی منتظم اپنی اعلیٰ کارکردگی سے یہ ایوارڈز حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ پاکستانی حجاج کو بہترین سہولیات کی فراہمی پر سعودی عرب کی حکومت کی طرف سے تین حج منتظمین کو پلیٹینم ایکسیلنس ایوارڈ سے نوازا گیا اور محمد عفان ذیشان کی المعراج منتظم، محمد شاہد رفیق کی ابراہیم منتظم اور زعیم اختر کی الفتاح منتظم نے بالترتیب اول، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کی۔ بریفنگ کے مطابق ڈائریکٹر جنرل حج عبدالوہاب سومرو کو بھی شاندار کارکردگی پر پلیٹینم ایکسیلنس ایوارڈ دیا گیا۔ وزیراعظم نے تینوں منتظمین اور ڈی جی حج کو ایوارڈز ملنے اور اچھی کارکردگی پر مبارکباد دیتے ہوئے حج 2026 کے بہترین انتظامات پر وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف اور وزارت کے تمام افسران اور عملے کی پذیرائی کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ ایوارڈز سعودی عرب کی حکومت سے دوران حج پاکستانی سرکاری اور نجی حج سکیموں کے تحت حجاج کو فراہم کی جانے والی خدمات کی تحسین اور پاکستان کے لئے اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان اور وزارت مذہبی امور کی مسلسل کاوشوں کے نتیجے میں حج 2026 کے انتظامات کی عالمی سطح پر سراہا جانا پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے، خدمت، محنت اور دیانت کا یہی وہ جذبہ ہے جو قوموں کو عظیم بناتا ہے، اس خدمت سے آپ نے نہ صرف اللہ تعالیٰ کی رحمت پائی بلکہ عازمین کی دعائیں بھی لیں اور پاکستان کا نام روشن کیا۔ وزیراعظم نے اس یقین کا اظہار کیا کہ آپ آئندہ سال حج کے انتظامات کے موقع پر اسی محنت، دیانت اور خدمت کا معیار نہ صرف برقرار رکھیں گے بلکہ اسے مزید بہتر بنا کر مزید ایوارڈز جیتیں گے۔ ملاقات میں وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف، وزیر برائے بین الصوبائی کوآرڈینیشن اور وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ، سیکریٹری مذہبی امور ابرار احمد مرزا، ڈائریکٹر جنرل حج عبد الوہاب سومرو، المعراج منتظم کے سی ای او محمد عفان ذیشان، ابراہیم منتظم کے سی ای او محمد شاہد رفیق اور الفتاح منتظم کے ڈی ای او زعیم اختر صدیقی شامل تھے۔

بقیہ 35

ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیرمملکت نے وزیراعظم کو آئندہ سال کے لیے عوامی امنگوں کی ترجمانی کرنے والا بجٹ قومی اسمبلی میں پیش کرنے پر مبارکباد دی۔ ملاقات میں وزیر برائے پبلک افیئر یونٹ رانا مبشر اقبال اور معاون خصوصی طلحہ برکی بھی موجود تھے۔

بقیہ 36

ادارے انٹرنیشنل میری ٹائم آرگنائزیشن کے تعاون سے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں کے لیے ایک عارضی ٹرانزٹ کوریڈور قائم کر رہا ہے۔ عمان کے میری ٹائم سیکیورٹی سینٹر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ یہ اقدام بین الاقوامی قانون کے احترام اور آبنائے ہرمز میں بلا معاوضہ اور محفوظ بحری آمد ورفت کو یقینی بنانے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ بیان کے مطابق مجوزہ راہداری استعمال کرنے والے تمام تجارتی اور دیگر بحری جہازوں کو انٹرنیشنل میری ٹائم آرگنائزیشن کے ساتھ رابطہ اور ضروری ہم آہنگی کرنا ہوگی تاکہ بحری نقل و حمل محفوظ انداز میں جاری رہ سکے۔ عمانی حکام کا کہنا تھا کہ یہ منصوبہ خطے میں حالیہ کشیدگی کے بعد عالمی بحری تجارت کے تحفظ اور سپلائی چین کو مستحکم رکھنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے، جہاں سے روزانہ بڑی مقدار میں خام تیل، قدرتی گیس اور دیگر تجارتی سامان دنیا کے مختلف حصوں تک پہنچایا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے اس آبی راستے کی صورتحال عالمی توانائی منڈیوں اور بین الاقوامی تجارت پر براہ راست اثر ڈالتی ہے۔ ماہرین کے مطابق عمان اور آئی ایم او کی جانب سے یہ اقدام بحری سلامتی میں اضافے اور عالمی تجارتی جہازوں کے اعتماد کو بحال کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے، خصوصاً ایسے وقت میں جب مشرق وسطیٰ کی صورتحال عالمی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔

بقیہ 37

کیریٹائرڈ افسر اعزاز اسلم ڈار کی بطور ممبر ایف پی ایس سی کی گئی تعیناتی منسوخ کردی۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی جانب سے صدر پاکستان کی منظوری کے بعد جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق عائشہ حمیرا چوہدری کو یکم جولائی 2026 سے تین سال کی مدت کیلئے ممبر فیڈرل پبلک سروس کمیشن مقرر کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق انہوں نے اس عہدے پر تعیناتی کیلئے اپنی سرکاری ملازمت سے قبل از وقت رضا کارانہ ریٹائرمنٹ حاصل کی۔ نجی ٹی وی کے مطابق دوسری جانب اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے 19 مارچ 2026 کو جاری کیا گیا وہ نوٹیفکیشن بھی واپس لے لیا ہے، جس کے تحت گریڈ بائیس کے ریٹائرڈ افسر اعزاز اسلم ڈار کو ممبر ایف پی ایس سی تعینات کیا گیا تھا، حکومت نے اعزاز اسلم ڈار کی تقرری کا نوٹیفکیشن آغاز سے ہی کالعدم قرار دیتے ہوئے غیر موثر قرار دیا ہے۔

بقیہ 38

یہ چیلنج کھلے دل سے قبول کرتے ہیں، الیکشن 2018 کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کیلئے مکمل طور پر تیار ہیں۔ پی ٹی آئی نے کہا کہ تحقیقات صرف 2018 نہیں بلکہ 2024ء کے انتخابات کی بھی ہونی چاہیے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ 2014، 2018ء اور 2024ء ان تمام انتخابات کا جامع جائزہ لیا جائے، دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہونا چاہیے۔ ترجمان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے 2014ء میں صرف چار حلقے کھولنے کا مطالبہ کیا تھا، چار حلقے کھلنے پر سنگین بے ضابطگیاں سامنے آئی تھیں، اس وقت کی حکومت نے وسیع تحقیقات سے گریز کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2018ء کے بعد عمران خان نے ہر حلقہ کھولنے کی پیشکش کی تھی، اپوزیشن جس حلقے کی نشاندہی کرتی پی ٹی آئی حکومت اسے کھولنے کیلئے تیار تھی، 2024ء کے انتخابات میں انتخابی شفافیت پر سنگین سوالات اٹھے، سیاسی انتقام اور امیدواروں کو جیلوں میں ڈالنے کے واقعات سامنے آئے، انتخابی نشان چھین کر انتخابی عمل کو متاثر کیا گیا، انتخابی عمل پر غیر معمولی دباؤ ڈال کر نتائج تبدیل کیے گئے۔ پی ٹی آئی نے مطالبہ کیا کہ آزاد، بااختیار اور غیر جانبدار کمیشن تشکیل دیا جائے، تمام انتخابات کی شفاف تحقیقات قوم کے سامنے لائی جائیں، حقیقت سے فرار ممکن نہیں کیونکہ فیصلہ اب قوم نے کرنا ہے۔

بقیہ 39

گھیراؤ کے ذریعے لشکر کشی سے وہاں کے عام انتخابات کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، آئینی معاملات کا حل جلاؤ گھیراؤ، جتھہ بندی کے کلچر سے نکالنا درست عمل نہیں، سپریم کورٹ میں صدارتی ریفرنس، تمام سیاسی جماعتوں نے اپنی کل کانفرنس اور قانون ساز اسمبلی نے متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا کہ مہاجرین کی نشستوں کے خاتمے کے حوالے سے فیصلہ آئندہ معرض وجود میں آنے والی اسمبلی کا دائرہ اختیار ہے، حکومت مولانا فضل الرحمٰن کی عوامی ایکشن کمیٹی کے ساتھ ثالثی کا خیرمقدم کرے گی، ہم نے ہمیشہ مولانا فضل الرحمٰن کی حکمت و دانش سے استفادہ کیا ہے۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے ایوان کو حقائق سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ سال عوامی ایکشن کمیٹی نے اسی طرح جلاؤ گھیراؤ اور تشدد کا راستہ اختیار کیا اس وقت ان کے دو بڑے مطالبات تھے جن میں منگلا ڈیم کی تعمیر کے وقت ہونے والے معاہدے جس ریٹ پر بجلی بنے گی اسی طرح پر آزاد کشمیر کے عوام کو فراہم کی جائے گی اور دوسرا مطالبہ گندم پر سبسڈی کا تھا اس کے ساتھ ساتھ مختلف سڑکوں، پلوں، ہسپتالوں میں ایم آر آئی اور سی ٹی سکین کی مشینوں کی تنصیب سمیت 38 مطالبات شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایکشن کمیٹی کے ساتھ مذاکرات کیلئے کمیٹی قائم کی جس میں پیپلز پارٹی کے رہنما بھی شامل تھے، ہم نے مظفرآباد جا کر ایکشن کمیٹی کے نمائندوں سے مذاکرات کئے اور اس دوران ان کے تمام آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی اور عوامی فلاح سے متعلق مطالبات پر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ منگلا ڈیم کی تعمیر کو پچاس سال سے زائد ہوچکے، تاہم پچاس سال بعد یہ مطالبہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے منظور کیا اور وہاں 3 روپے یونٹ بجلی اور گندم پر سبسڈی دی ان میں سے بقیہ 38 مطالبات میں سے ہر ایک پر پیش رفت ہوئی، اس کے بعد انہوں نے مہاجرین کی نشستیں ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہم نے انہیں کہا کہ یہ قانونی اور آئینی بات ہے اور اس کا اختیار قانون ساز اسمبلی کو ہے یہ مطالبہ دھرنوں سے حل نہیں ہوگا اس پر ایک 6 رکنی کمیٹی بنائی گئی تاہم اکتوبر 2025 سے اس کا انہوں نے بائیکاٹ کردیا۔ جنوری 2026 میں انہوں نے یہ علم ہونے کے باوجود کہ جولائی میں عام انتخابات ہونے ہیں انہوں نے لانگ مارچ کی تاریخ 9 مارچ مقرر کی تاکہ آزاد کشمیر میں عام انتخابات کے انعقاد کو روکا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر 30 مئی کو مظفرآباد جا کر 2 دن اس پر بات کی، 38 نکات کے ایک ایک نکتے پر بات ہوئی، وزیراعظم آزاد کشمیر اور چیف سیکرٹری بھی موجود تھے، انہوں نے ان نکات پر پیش رفت کو تسلیم کیا تاہم مہاجرین کی نشستوں کے خاتمے کے مطالبے پر اڑے رہے، ہم نے انہیں اس حوالے سے 3 آپشن دیئے جن میں یہ معاملہ قانون ساز اسمبلی میں لے جانے، اس معاملے پر تمام سیاسی جماعتوں کی اے پی سی بلانے اور صدارتی ریفرنس کے ذریعے یہ معاملہ سپریم کورٹ کے سامنے رکھنے کی پیشکش کی تاہم انہوں نے اس سے انکار کیا اور بات چیت سے پیچھے ہٹ گئے، اے پی سی میں شرکت نہیں کی۔ ہم نے انہیں بتایا کہ نشستوں کے خاتمے سے تحریک آزادی کیلئے بھی نقصان ہوگا

بقیہ 40

پلان اور اضلاع کی معاشی وروزگار سے متعلق ترقیاتی حکمت عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران بلوچستان کے ساحلی اور پسماندہ اضلاع میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ، مقامی سطح پر روزگار کے مواقع میں اضافے اور سرمایہ کاری دوست ماحول کی تشکیل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ متعلقہ حکام نے صوبے کے مختلف اضلاع میں معاشی ترقی کے امکانات، صنعتی شعبے کی توسیع اور مقامی آبادی کو روزگار کی فراہمی کے لیے مجوزہ اقدامات سے آگاہ کیا۔ محکمہ منصوبہ بندی وترقیات نے اجلاس کو اضلاع کی معاشی بہتری، پائیدار ترقی اور مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے جاری اور مجوزہ منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ ترقیاتی منصوبوں کو مقامی ضروریات اور معاشی ترجیحات سے ہم آہنگ کیا جائے تاکہ ان کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں ترقیاتی عمل کو نئی سمت، سرمایہ کاری کو فروغ دینا اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو مربوط انداز میں آگے بڑھانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ محکمے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کی رفتار کو مزید تیز کریں اور سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ حب، گڈانی اور گوادر جیسے اہم صنعتی اور ساحلی علاقوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، جن سے نہ صرف صنعتی ترقی کو فروغ ملے گا بلکہ مقامی سطح پر روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کو سرمایہ کاری، تجارت اور معاشی سرگرمیوں کا ایک فعال مرکز بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اور طے شدہ حکمت عملی کے نتیجے میں بلوچستان کے ساحلی علاقوں اور مختلف اضلاع میں معاشی سرگرمیوں کو مزید تقویت ملنے، سرمایہ کاری میں اضافے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے، جس سے صوبے کی مجموعی معاشی ترقی اور عوامی خوشحالی کے اہداف کے حصول میں مدد ملے گی۔ گرین بس سروس کی معطلی سے متعلق خبروں کی تردید، سروس معمول کے مطابق جاری رہے گی۔

بقیہ 41

کہ کمپنی کے شیئرز میں حکومت کی ملکیت میں نمایاں اضافہ ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق بینظیر ایمپلائز سٹاک آپشن سکیم ٹرسٹ کے 20 کروڑ 57 ہزار 318 عام شیئرز حکومت کو منتقل کیے گئے ہیں جس کے بعد پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ میں سرکاری شیئر ہولڈنگ 67.51 فیصد سے بڑھ کر 74.86 فیصد ہوگئی ہے۔ انتقالِ ملکیت کے بعد حکومت کا ادارے پر کنٹرول مزید مضبوط ہوگیا ہے، سپریم کورٹ کے فیصلے کے تحت سکیم سے متعلق تمام شیئرز سرکاری ملکیت میں شامل کردیئے گئے ہیں۔ پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ کی جانب سے پاکستان سٹاک ایکسچینج کو بھجوائے گئے خط میں شیئرز کی منتقلی کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔

بقیہ 42

ہوگیا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق چاغی کے علاقے داریگوان میں واقع مائننگ سائٹ پر رواں سال اپریل میں ہونے والے ایک حملے کے دوران ترکیہ سے تعلق رکھنے والے ڈرلر صالح گل جمال کو اغوا کیا گیا تھا جسے تین روز قبل مستونگ کے علاقے کردگاپ سے بازیاب کراکے کوئٹہ منتقل کیا گیا جہاں ضروری قانونی کارروائی کے بعد انہیں کراچی سے ترکیہ کیلئے روانہ کیا گیا صالح گل جمال بدھ کو اپنے وطن ترکیہ واپس پہنچ گئے چاغی کے علاقے داریگوان میں ہونے والے حملے میں ترکیہ سے تعلق رکھنے والے ایک اور ڈرلر سمیت 8 افراد جاں بحق ہوئے تھے

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کمشنر کوئٹہ شاہ زیب کاکڑ کے والد حاجی غلام سرور کاکڑ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے
پرنس آغا عمر احمد زئی

عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، پارلیمانی سیکرٹری برائے پاپولیشن ویلفیئر

صوبے میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے حکومت مؤثر اقدامات کر رہی ہے، بابر یوسفزئی

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے پاپولیشن ویلفیئر پرنس آغا عمر احمد زئی سے معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، صوبے میں عوامی فلاح و بہبود، پاپولیشن ویلفیئر کے پروگراموں، امن وامان کی صورتحال اور ترقیاتی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

غیر معیاری کام کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، وریندر لعل

حکومت تعلیم کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر میل وفیمیل سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران محکمہ تعلیم کے تحت جاری مختلف ترقیاتی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

ہرنائی، کوئلہ کان بیٹھ جانے کے حادثے میں پھنسنے والے دونوں کانکن جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) ہرنائی کے علاقے خوست میں کوئلہ کان بیٹھ جانے کے حادثے میں پھنسنے والے دونوں کانکن جاں بحق ہوگئے، مائنز انتظامیہ کے مطابق مزدوروں نے اپنی مدد آپ کے تحت دونوں کانکنوں کی لاشیں کان سے نکال لیں۔

کوئٹہ کی وحدت کالونی میں قتل وخودکشی کیس میں گرفتار ملزمان کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کی وحدت کالونی میں قتل و خودکشی کیس میں گرفتار ملزمان کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل کردیا گیا۔ بدھ کو جوڈیشل مجسٹریٹ 12 کی عدالت میں وحدت کالونی قتل وخودکشی کے مقدمے میں نامزد ملزمان (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

کراچی: ایسوسی ایشن فار سوشل اینڈ ہیلتھی ایکٹیویٹیز نیٹ ورک (AFSHAN) اور ڈائریکٹوریٹ آف امور نوجوانان، محکمہ کھیل وامور نوجوانان سندھ کے اشتراک سے خیرپور کے ایک مقامی کالج میں "یوتھ لیڈرز کانفرنس" کے عنوان سے یوتھ کونسلنگ اور کیریئر گائیڈنس ورکشاپ کے موقع پر معروف سماجی رہنما شائستہ کھوسو شرکاء کو سرٹیفکیٹس پیش کر رہی ہیں

نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، میر محمد کلہوڑو

نوجوان اپنی صلاحیتوں پر اعتماد اور مثبت سوچ اپنا کر معاشرے کی ترقی میں فعال کردار ادا کریں

کراچی (پ ر) ایسوسی ایشن فار سوشل اینڈ ہیلتھی ایکٹیویٹیز نیٹ ورک (AFSHAN) اور ڈائریکٹوریٹ آف امور نوجوانان، محکمہ کھیل وامور نوجوانان سندھ کے اشتراک سے خیرپور کے ایک مقامی کالج میں "یوتھ لیڈرز کانفرنس" کے عنوان سے یوتھ کونسلنگ اور (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

حکومت شہداء کے خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی، میر سرفراز بگٹی

حکومت انصاف، قانون کی حکمرانی اور شہریوں کے تحفظ کے اصولوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شہید شبیر بلوچ محض ایک باوردی اہلکار نہیں تھے بلکہ وہ کسی ماں کے لخت جگر، کسی بہن بھائی کے سہارے اور اپنے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

ظلم اور ناانصافی کے خلاف ڈٹ جانا امام حسینؓ کا پیغام ہے

وقت کے ہر یزید کے خلاف جدو جہد ہمارا شیوہ ہونا چاہئے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے ایم این اے نوشین افتخار ملاقات کر رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر کا شہید مراد کالونی میں ٹف ٹائلز بچھانے کے ترقیاتی کام کا تفصیلی دورہ

ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، محمد رمضان پلال

استا محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر استا محمد رمضان اشتیاق نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد یاسین جمالی (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

ترقیاتی اسکیموں میں شفافیت اور اعلیٰ معیار حکومت کی اولین ترجیح ہے، محمد سلیم ترین

آئینِ پاکستان کے تحت تمام اقلیتی برادریاں ملک کا برابر کا حصہ ہیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں اقلیتوں کی فلاح و بہبود اور ان کے مذہبی مقامات کی دیکھ بھال کے لیے ضلعی انتظامیہ سرگرم ہوگئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد سلیم ترین نے بی ایس (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)



لاہور، چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف پاکستان نیوی وار کالج لاہور میں 55 ویں پاکستان نیوی اسٹاف کورس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

جمعیت نے ہمیشہ ہر طبقے کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے
مولانا واسع

حکومت نے آئندہ مالی سال 27-2026ء کے بجٹ میں آن گوئنگ اسکیمات کے جو فنڈز رکھے ہیں وہ آٹے میں نمک کے برابر ہیں

صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ صوبے میں جاری اسکیمات کے لئے مطلوب فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنائے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر وسینیٹر مولانا عبدالواسع، سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ ہر طبقہ کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے صوبائی حکومت صوبے میں جاری آن گوئنگ اسکیمات کے فنڈز کی فراہمی کو یقینی (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

لیڈا اور دیگر صنعتی زونز میں قائم کمپنیوں کا جامع سروے مکمل کیا جائے، بی آر اے

فعال، نئی قائم ہونے والی اور غیر فعال صنعتی یونٹس کی تفصیلی درجہ بندی تیار کی جائے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی زیر صدارت پرائیویٹ وِدہولڈنگ ایجنٹس اور کنٹریکچول ایگزیکیوشن سے محصولات کی وصولی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ٹیکس محصولات، ٹیکس (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں دو روز کیلئے گرین اور پنک بس سروس معطل رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں دو روز کیلئے گرین اور پنک بس سروس معطل رہے گی۔ محکمہ ٹرانسپورٹ ذرائع کے مطابق 9 ویں اور 10 ویں محرم الحرام کے موقع پر کوئٹہ شہر میں چلنے والی گرین اور پنک بس سروس بند رہے گی

قلات سے اغواء ہونے والے گورنمنٹ کنٹریکٹرز اپنے تین محافظوں سمیت بازیاب ہوکر گھر پہنچ گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) قلات کے علاقے سے اغواء ہونے والے رکن بلوچستان اسمبلی کے کزن اور گورنمنٹ کنٹریکٹر اپنے تین محافظوں سمیت بازیاب ہوکر گھر پہنچ گئے تفصیلات کے مطابق جعفرآباد ڈیرہ اللہ (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

حب، پولیس وضلعی انتظامیہ کی مشترکہ کارروائی میں لکڑیوں سے لوڈ ٹریکٹر تحویل میں لے لیا گیا

زراعت کے شعبے میں انقلابی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، شمس الحق

حکومت زمینداروں کے مسائل کی فوری حل اور انہیں ریلیف دینے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیعی شمس الحق سے ضلع موسیٰ خیل کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے کسانوں کے وفد نے ملاقات کی۔ اور اپنے علاقوں میں کسانوں کو درپیش مسائل اور چیلنجز کے حوالے سے تفصیل سے بتایا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

بلوچستان کی ترقی کیلئے تعاون کو مزید مؤثر بنانے پر اتفاق
وزیراعظم سے سینیٹر جان بلیدی اور پھلین بلوچ کی ملاقات

ملاقات میں بلوچستان بالخصوص ضلع کیچ و پنجگور کی مجموعی سیاسی صورتحال اور ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا

سینیٹر جان بلیدی اور پھلین بلوچ نے ضلع پنجگور کے چیدگی روڈ اور ضلع کیچ کے دانش اسکول کے سنگ بنیاد رکھنے کے لیے کیچ و پنجگور دورے کی دعوت بھی دی

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف سے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی اور رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ کی ملاقات۔ ملاقات میں بلوچستان بالخصوص ضلع کیچ و پنجگور کی مجموعی سیاسی صورتحال اور ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے امریکہ ایران جنگ میں پاکستان کی لیڈرشپ کے مثبت رول ادا کرنے پر وزیراعظم کو مبارکباد دی۔ جس سے بین الاقوامی طور پر پاکستان کے ذمہ دار کردار کی عکاسی ہوتی ہے اور دنیا کو عالمی تنازعات وخطرات سے محفوظ رکھنے میں بنیادی کردار ادا کیا اور (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

گوادر، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی مختلف طبی مراکز کا دورہ کر رہے ہیں

اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز خان صادق سے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر وصوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ کی قیادت میں صوبائی وزراء اور پارلیمانی سیکرٹریز ملاقات کر رہے ہیں

محکمہ صحت میں الزامات کا سامنا کرنے والے 27 ڈاکٹروں کو ذاتی سماعت کا موقع فراہم کرنے کا فیصلہ

متعلقہ ڈاکٹروں کو پہلے ہی شوکاز نوٹسز جاری کیے جاچکے ہیں اور اب انہیں اصولِ انصاف کے تحت ذاتی سماعت کا موقع دیا جارہا ہے

تمام متعلقہ افسران سماعت کے موقع پر اپنے دفاع میں دستاویزی شواہد، تحریری بیانات یا دیگر متعلقہ مواد پیش کرسکتے ہیں، محکمہ صحت

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ صحت بلوچستان نے بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ 2011 (بیڈا) کے تحت مختلف الزامات کا سامنا کرنے والے 27 ڈاکٹروں کو ذاتی سماعت کا موقع فراہم کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے انہیں مقررہ تاریخوں پر طلب کرلیا ہے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری برائے سائنس وانفارمیشن ٹیکنالوجی سردارزادہ عبدالصمد گورگیج سیکرٹری جنگلات عمران گچکی سے ملاقات کر رہے ہیں

کمشنر لورالائی کی زیرِ صدارت محکمہ تعلیم کی سی آر سی کا اجلاس

اعتراضات جمع کرانے والے تمام امیدواروں کی دادرسی ہر صورت یقینی بنائی جائے، ولی محمد بڑیچ

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی زیر صدارت ضلع لورالائی کے محکمہ تعلیم کی سی آر سی (CRC) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ تعلیم کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے اعتراضات اور دادرسی سے متعلق معاملات کا تفصیلی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

کیسکو خاران کی ماہ جون میں ریکوری مہم جاری

صارفین اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے بجلی کے بل بروقت جمع کریں، سرفراز احمد بادینی

خاران (محمد عیسیٰ محمد حسنی) کیسکو خاران کی ماہ جون میں ریکوری مہم جاری نادہندگان سے بلز کی ادائیگی وصول کی جارہی ہیں اس سلسلے میں کیسکو خاران کا ٹیم ایس ڈی او کیسکو خاران سرفراز احمد بادینی کی زیرنگرانی میں بجلی واجبات کی وصولی کے لیے جاری ریکوری مہم کامیابی سے (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

بلوچستان، تعلیمی و مالیاتی نظام میں بڑی اصلاحات، ہر اسکول کو الگ GR کوڈ اور بجٹ مختص

حکومت بلوچستان نے تنخواہوں کے بجٹ اور منظور شدہ آسامیوں کو بھی الگ الگ مختص کردیا

گوادر (این این آئی) بلوچستان میں تعلیمی و مالیاتی نظام میں بڑی اصلاحات، ہر اسکول کو الگ GR کوڈ اور بجٹ مختص، پرائمری سے ہائر سیکنڈری سطح تک تمام اسکولوں کے منظور شدہ تدریسی وغیر تدریسی عہدے خزانہ ریکارڈ میں الگ ظاہر، اضافی وغیر قانونی تعیناتیوں (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

پاکستان کی خواتین بھی کسی سے پیچھے نہیں، ثمینہ ممتاز زہری

خواتین کی فعال اور بامعنی شمولیت سے ممالک کے درمیان تعلقات مزید مستحکم ہوتے ہیں



اسلام آباد (پ ر) عالمی یوم خواتین در سفارتکاری کے موقع پر سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ خواتین دنیا بھر میں امن کے قیام، بین الاقوامی مکالمے کے فروغ، باہمی تعاون اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں نہایت اہم اور مؤثر کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صوبہ بھر میں بھرپور کارروائیاں

28 مراکز جرمانہ، 36 کو اصلاحی نوٹسز جاری، مضرِ صحت وزائد المیعاد اشیاء کی بڑی مقدار ضبط

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے وژن کے مطابق عوام کو محفوظ، معیاری و ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی کیلئے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں بلاتعطل جاری ہیں۔ اس سلسلے میں کوئٹہ، حب، پنجگور، قلعہ سیف (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شوکت علی جوگیزئی سے مشیر برائے صوبائی محکمہ توانائی بلوچستان میر اصغر علی رند ملاقات کر رہے ہیں

ضلع جھل مگسی، معلوم مسلح افراد کی فائرنگ، دو افراد جاں بحق، ایک شخص زخمی

گنداواہ جھل مگسی (این این آئی) ضلع جھل مگسی کے علاقے گوٹھ درمتھازئی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں گدا حسین اور علی حسن موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، جبکہ میر حسن زخمی ہوگیا۔

لورالائی، ٹرک اور موٹر سائیکل میں ٹکر کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق دوسرا زخمی

لورالائی (این این آئی) لورالائی کے علاقے میں ٹرک اور موٹر سائیکل میں ٹکر کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق دوسرا زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ روڈ تکلی درگئی کے مقام پر مزدا ٹرک اور موٹر سائیکل کے درمیان ٹکر کے نتیجے میں موٹر سائیکل پر سوار حاجی محمد کریم ولد حاجی وزیر جاں بحق جبکہ عزیز ولد سیف اللہ زخمی ہوگیا

سوئی پولیس کی کارروائی تین نامزد ملزمان گرفتار



ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) سوئی پولیس کی کارروائی تین نامزد ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس پی ڈیرہ بگٹی ضیاء الحق مندوخیل کی ہدایت پر خلاف جرائم پیشہ عناصر پر عملدرآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل سوئی محمد خالد بزدار کی زیرنگرانی ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر سوئی عبدالرحیم بگٹی، اسٹیٹ سب انسپکٹر آفتاب احمد بگٹی اور ہیڈ کنسٹیبل امان اللہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرکے تین نامزد ملزمان عبدالمجید، خورشید احمد اور محمد صادق بگٹی سکنہ سوئی مقدمہ 16/2026 بجرم زیر 34.504.354 Ppc میں حسب ضابطہ گرفتار کیا جاکر مزید تفتیش جاری ہے۔

محرم الحرام کے دوران امن وامان کا قیام انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، صلاح الدین

عزاداروں کو پرامن ماحول کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے محرم الحرام کے دوران امن وامان اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے مرکزی امام بارگاہ ڈیرہ مراد جمالی کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی معائنہ کیا اور ڈیوٹی پر تعینات افسران (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، عبدالرزاق

صحت کے شعبے میں کسی قسم کی کوتاہی، غفلت یا غیر ذمہ داری ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خان مجک نے کہا ہے کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور صحت کے شعبے میں کسی قسم کی کوتاہی، غفلت یا غیر ذمہ داری ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے والے ڈاکٹروں (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

اوستہ محمد میں ایس ایچ او ندیم احمد بہرانی کی قیادت میں پولیس متحرک

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں سے امن وامان کی صورتحال بہتر، شہریوں نے کارکردگی کو سراہا

فیض آباد (یونس رحیم نوتکانی) پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد کے ایس ایچ او ندیم احمد بہرانی کی مؤثر حکمت عملی، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں اور پولیس گشت میں اضافے کے باعث شہر میں امن وامان کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ ایس ایچ او ندیم احمد بہرانی کی قیادت میں پولیس نے جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

بدقسمتی سے حکومت اور متعلقہ اداروں کی غفلت عوام کو احتجاج پر مجبور کر رہی ہے
ہدایت الرحمن بلوچ

بلوچستان کی شاہراہوں پر قائم متعدد چیک پوسٹوں پر روزانہ مسافر گاڑیوں، بسوں اور دیگر ٹرانسپورٹ کی طویل قطاریں معمول بن چکی ہیں

شدید گرمی، بھوک، پیاس اور غیر ضروری تاخیر نے بلوچستان میں سفر کو عوام کے لیے عذاب بنادیا ہے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان بھر میں مختلف چیک پوسٹوں پر عوام، مسافروں، خواتین، بزرگوں اور مریضوں کو گھنٹوں بلاوجہ روکنا، ان کی تذلیل کرنا اور شدید ذہنی وجسمانی اذیت میں مبتلا کرنا بدترین ظلم، ناانصافی اور انتظامی ناکامی ہے۔ ریاستی اداروں اور حکومت کی ذمہ داری عوام کو سہولت، تحفظ اور عزت فراہم کرنا ہے۔ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)

بلوچستان، جنگلاتی وسائل کے تحفظ کیلئے لکڑی اور ٹمبر کی نقل وحمل پر 90 روزہ پابندی

یہ فیصلہ عوامی مفاد اور قدرتی وسائل کے تحفظ کے پیش نظر ضابطہ فوجداری کی دفعہ 144 کے تحت کیا، پابندی کا اطلاق فوری طور پر ہوگا

اقدام کا مقصد جنگلات کے تحفظ اور قدرتی وسائل کے پائیدار استعمال کو یقینی بنانا ہے، محمد حمزہ شفقات

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے صوبے میں جنگلاتی وسائل کے تحفظ، غیر قانونی کٹائی اور لکڑی کی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے صوبے بھر میں ہر قسم کی لکڑی، ٹمبر، لاگز اور دیگر جنگلاتی مصنوعات کی نقل وحمل، ترسیل اور منتقلی (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

پنجگور، پروم امام بازار کے مقام سے دو افراد کی لاشیں برآمد، علاقے میں سنسنی پھیل گئی

پنجگور (یو این اے) ضلع پنجگور کے علاقے پروم سے دو افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق، لاشیں پروم امام بازار کے مقام سے ملی ہیں، جس کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی نفری جائے وقوعہ کے لیے روانہ کردی گئی ہے۔ لاشوں کو قبضے میں لے کر ہسپتال منتقل کرنے اور ان کی شناخت کا عمل شروع کرنے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ واقعے کی وجوہات اور لاشوں کی شناخت کے حوالے سے تاحال حتمی تفصیلات سامنے نہیں آسکیں

شہری ایکشن کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے چیئرمین میر رحیم لہڑی کی والدہ انتقال کرگئیں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قبائلی شخصیت میر گہنور خان لہڑی اور شہری ایکشن کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے چیئرمین میر رحیم لہڑی کی والدہ ماجدہ گزشتہ روز ایک نجی ہسپتال میں مختصر علالت کے باعث انتقال کرگئی جن کی نماز جنازہ ادائیگی کے بعد ڈیرہ مراد جمالی لال شاہ قبرستان میں تدفین کردی گئی جبکہ فاتحہ خوانی لہڑی ہاؤس نزد میر صادق عمرانی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی میں ہورہی ہے۔

نوشکی، پسند کی شادی پر قتل جوڑے کو امانتاً قبرستان میں دفنا دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد میں نوشکی کے رہائشی نوجوان جوڑے نے گھر سے بھاگ کر پسند کی شادی کرنے کی پاداش میں گزشتہ روز بے دردی کے ساتھ قتل کیے گئے ورثاء نہ ملنے پر مقامی قبرستان میں امانتاً تدفین کردی گئی پولیس کے مطابق اوستہ محمد سٹی پولیس تھانے کی حدود دھوکھر لاڑو کے مقام پر گزشتہ روز نوجوان جوڑے خاتون اور مرد کو نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں نے اندھا دھند فائرنگ کرکے بے دردی کے ساتھ قتل کرکے فرار ہوگئے تھے

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ دشت پلازہ آفس نمبر 3 اسپنی روڈ نزد بے نظیر پل کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-388370
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

کوئٹہ، باچا خان چوک پر شدید گرمی میں موچی گاہکوں کا منتظر ہے

ڈپٹی کمشنر لورالائی سے مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندہ وفود کی ملاقات

انتظامیہ عوامی فلاح و بہبود، بنیادی اور شہری مسائل کے مستقل حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، محمد حبیب

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع سے ضلع کی مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندہ وفود نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما سردار نعمان خان ناصر، جمعیت علمائے اسلام کے عطاء اللہ شاہ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے شمس حمزہ زئی اپنے وفود کے ہمراہ شریک ہوئے۔ ملاقات کے دوران ضلع لورالائی کو درپیش اہم عوامی مسائل (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

حکمران ملک چلانے میں ناکام نظر آرہے ہیں، میر نصیر کھوسہ

حکمرانوں کی غیر سنجیدگی پالیسیوں کی وجہ سے پورا ملک جام ہو چکا ہے

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) صحبت پور کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت میر حاجی نصیر احمد خان کھوسہ نے کہا ہے کہ جو بجٹ پیش کیا گیا اس بجٹ میں عوام کو لفظوں اور اعداد وشمار میں الجھا کر عوام کو خوش کرنے کی کوشش کی گئی اور عوام کے لیے مزید پیچیدگیاں پیدا کی گئیں جو کہ یہ غلط پالیسیوں کا نتیجہ ہے جبکہ اس بجٹ سے سفید پوش و مڈل کلاس عام (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

عاشورہ محرم کی تعطیلات، بینک مسلسل چار روز بند رہیں گے

9 اور 10 محرم الحرام پر عام تعطیل، ہفتہ اور اتوار کی چھٹیوں کے باعث چار روز تک معطل رہیں گی

کوئٹہ (یو این اے) یوم عاشور کے موقع پر ملک بھر میں بینکاری اور مالیاتی سرگرمیاں عارضی طور پر معطل رہیں گی کیونکہ 9 اور 10 محرم الحرام کے موقع پر حکومت کی جانب سے عام تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔ ان تعطیلات کے باعث تمام سرکاری ونجی بینک، مائیکروفنانس بینک (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

اسلام آباد، اتوار بازار میں آتشزدگی کے بعد تباہ حال دکانوں کا منظر



☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نوجوان کو پرواز کارڈ دے رہی ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆